یھودی ریاست

از قلم

بابائے صیہونیت

تھیوڈور ہرٹزلؒ

مترجم

سہیل طاہرؔ

فہرست

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ بر ترجمۂ

"یہودی ریاست"

بقلم مترجم کتابِ ہٰذا

یہ سوال بارہا میرے حلقۂ فکر میں مجھ سے کیا گیا : "آخر یہ کتاب ہی کیوں ؟" وہ بھی ایک ایسے وقت میں جب اسرائیل کی جانب سے عالمِ اسلام کو ایسی دہشت گردی، جبر، اور خونریزی کا سامنا ہے جس کی نظیر ہمارے عہد میں مشکل سے ہی ملتی ہے۔ اور یہ سوال میں صرف دوسروں سے نہیں، خود اپنے آپ سے بھی کرتا ہوں۔ کیا ایک ایسی کتاب جو ایک متنازع تحریک کے بانی کے افکار پر مبنی ہے کو اردو میں منتقل کرنا کوئی دانشمندی ہے ؟ کیا یہ عمل ایک انتہاپسندانہ نظریے کو غیر ارادی طور پر قبول کرنا نہیں ؟

مگر میرے نزدیک اس سوال کا جواب شد و مد سے "نہیں" میں ہے۔

اس کتاب کو ترجمہ کرنے کی اصل وجہ اس کا وہ ٹھوس اور حوالہ جاتی مقام ہے، جسے نہ صرف صہیونی مؤرخین رد کرتے ہیں نہ ہی اسے اپنے اوپر الزام کی صورت میں دیکھتے ہیں۔ یہ ایک ایسی بنیادی دستاویز ہے، جو یہودی قومی تحریک (Zionism) کے فکری جوہر کی نمائندہ ہے۔ دنیا کی کئی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے انگریزی، فرانسیسی، روسی، حتیٰ کہ عبرانی میں بھی۔ کیا اردو زبان اس قدر محروم ہے کہ جس نظریے پر ہم تنقید کرتے ہیں، اس کی بنیادی دستاویز خود ہماری زبان میں موجود ہی نہ ہو؟ کیا ہم ہمیشہ دوسری زبانوں (مثلاً انگریزی) کے ذریعے فہمِ مخالف پر انحصار کرتے رہیں گے؟ یہ نہ صرف علمی محرومی ہے، بلکہ تنقیدی صلاحیت کی پسماندگی بھی۔

ترجمہ کے عمل کی داخلی کیفیات

ترجمے کا عمل بظاہر محض دو زبانوں کے بیچ ایک نقل کا عمل لگتا ہے اور اگر کوئی شخص دونوں زبانیں جانتا ہو، تو

اس میں بظاہر کوئی مشکل نہیں۔ مگر جب موضوع اس قدر نازک، نظریاتی طور پر حساس، اور اخلاقی حدود سے متصادم ہو تو مترجم کے لیے ہر سطر ایک امتحان بن جاتی ہے۔

مجھے دورانِ ترجمہ جو سب سے پہلی آزمائش پیش آئی، وہ نظریاتی اختلاف کی وہ گہری لکیر تھی جو میرے اور مصنف کے مابین حائل ہے۔ مگر میں نے عہد کیا کہ اس اختلاف کو ترجمے کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دوں گا۔ میری پہلی ذمہ داری یہ تھی کہ ترجمہ غیر جانبدار ہو، اور تحریف و خیانت سے پاک ہو۔ میں نے مصنف کی کسی بات کو بگاڑنے، کمزور کرنے یا طنزیہ انداز میں منتقل کرنے کی ادنیٰ کوشش نہیں کی۔

میری دوسری کوشش یہ رہی کہ ہر زبان کا جو ایک خاص اسلوب، لَے، اور فصاحت کا پیمانہ ہوتا ہے، اس کی رعایت کرتے ہوئے سادگی کو ترجیح دوں۔ ترجمے میں اصل متن کے حجم کی مماثلت رکھی تاکہ اصل

تصنیف اور ترجمہ شدہ تحریر میں فرق واضح رہے، اور ترجمہ خود کو تحریر نہ جتائے۔

تیسری بات، میں کسی قسم کے "ماہر" ہونے کا دعویٰ نہیں رکھتا، مگر اس موضوع سے واقفیت ضرور رکھتا ہوں۔ اس لیے اگر کسی کو کسی سطر یا ترجمہ شدہ مفہوم پر اعتراض ہو، تو وہ براہِ کرم اصل جرمن متن کی روشنی میں، نجی طور پر، اصلاح پیش کرے نہ کہ انگریزی یا کسی تیسرے درجے کے ترجمے کو بنیاد بنا کر تنقید کی جائے۔ میرا مقصد نکھار ہے، نہ کہ بدصورتی کا دفاع۔

فکری اختلافات

میرا سب سے بڑا اختلاف تھیوڈور ہرٹزل سے اس بنیاد پر ہے کہ وہ یورپی یہودیوں کو ہی کل یہودی قوم سمجھتے ہیں، اور ان کے لیے ایک ایسا حل تجویز کرتے ہیں جو خالصتاً سیاسی جبر اور معاشی چالاکی پر مبنی ہے: زمینیں خریدنا، وہاں بستی بسانا، اور پھر اس کو بنیاد بنا کر شہریت اور حاکمیت کا دعویٰ کر دینا۔ یہ نظریہ صرف ایک

"ریئل اسٹیٹ" منصوبہ بندی نہیں بلکہ انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ کوئی بھی ملک ایسے منصوبے قبول نہیں کرتا کہ غیر ملکی آکر زمینیں خریدیں اور پھر سیاسی اقتدار کا دعویٰ کر دیں۔

دوسرا اختلاف اس کی اس نسل پرستانہ سوچ سے ہے کہ وہ دنیا کے تمام انسانی مسائل کا حل صرف ایک "نسل" کی بنیاد پر بنائی گئی ریاست میں تلاش کرتے ہیں۔ یہ تصور دراصل نازی ازم سے مختلف نہیں فرق صرف اتنا ہے کہ وہاں جرمنوں کو کہیں جانا نہیں پڑا، جبکہ یہاں یہودیوں کو ہجرت کی دعوت دی گئی۔ گہرائی سے دیکھا جائے تو یہ وہی نسلی عصبیت ہے جو تاریخ کی متروکہ "بدی" ہے اور ہرٹزل کا اس کا احیا کرنا دراصل فکری قدامت پرستی ہے، نہ کہ جدیدیت۔

بالفرض یورپی یہودیوں کو کوئی "ریاست" درکار تھی تو اس کا مطالبہ ان کو یورپ میں کرنا چاہیے تھا نا کہ کوسوں دور فلسطین میں جیسے مسلمانانِ برصغیر نے ریاست کا

مطالبہ برصغیر میں رکھا نا کہ عرب میں۔

ذاتی محرک

میں نے یہ ترجمہ کسی داد و تحسین کے حصول کے لیے نہیں کیا۔ میری عادت ہے کہ اگر کوئی کتاب پڑھنی ہو تو کوشش کرتا ہوں کہ یا تو اصل زبان میں پڑھوں، یا پھر کوئی غیر جانبدار ترجمہ شدہ نقل ہو۔ میں یہ کیسے گوارا کر لیتا کہ اردو داں قارئین کو ایسی ایک مرکزی دستاویز سے محروم رکھا جائے؟ میرا ایمان ہے کہ ترجمہ صرف علمی عمل نہیں، بلکہ ایک ذمہ داری ہے اور اگر ہم اپنے فکری مخالف کو سننے کا ظرف نہیں رکھتے، تو پھر اس پر تنقید کا حق بھی کھو بیٹھتے ہیں۔

مصنف کی شخصیت: ایک تاریخی تناظر میں

تھیوڈور ہرٹزل، اصل نام: بنجامن زئیف ہرٹزل، جدید صہیونیت کا بانی اور "یہودی ریاست" (Der Judenstaat) کا مصنف تھا۔ وہ ۱۰ شوال ۱۲۷۶ ھ کو بوداپیسٹ، مملکت ہنگری میں پیدا ہوا، جو اس

آسٹریا|ہنگری سلطنت کا حصہ تھا۔ ان کی وفات ۱۹ ربیع الثانی ۱۳۲۲ھ کو آسٹریا کے شہر ریچناؤ میں ہوئی۔
ہرٹزل نے آسٹریا کی یونیورسٹی آف ویانا سے قانون کی تعلیم حاصل کی اور کچھ عرصہ پیرس میں صحافی کے طور پر خدمات انجام دیں۔ مشہور ڈریفس مقدمے (DreyfusAffair) نے ان کی سوچ پر گہرا اثر چھوڑا، جس کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ یہودیوں کو یورپ میں مستقل تحفظ نہیں مل سکتا۔ اسی بنیاد پر انہوں نے ۱۳۱۳ھ میں جرمن زبان میں "یہودی ریاست" تصنیف کی۔ یہ کتاب صہیونی تحریک کا فکری و عملی اعلامیہ سمجھی جاتی ہے۔ ہرٹزل نے اگلے ہی برس پہلا صہیونی کانگریس سوئٹزرلینڈ کے شہر بازل میں منعقد کیا۔
ان کے الفاظ میں:
"آج میں نے یہودی ریاست کی بنیاد رکھ دی۔ لوگ اب شاید نہ سمجھیں، مگر پانچ سال بعد سب مانیں گے۔"
۱۳۶۷ھ میں اسرائیل کے ناجائز قیام کے بعد ہرٹزل کی

لاش کو ویانا سے یروشلم منتقل کر کے ہرتزل ہل (Har Herzl) پر دفن کیا گیا، جواب اسرائیل میں صہیونیت کی قومی یادگار ہے۔

اختتامیہ

یہ ترجمہ اردو قارئین کے لیے فکری مکالمے کا ایک در کھولتا ہے، تاریخی شعور کا، اور تنقیدی بصیرت کا۔ اگر ہم نے اس دروازے کو بند رکھا، تو ہم نہ صرف علمی پسماندگی کا شکار رہیں گے بلکہ اپنے مؤقف کو بھی دلیل سے پیش کرنے کی صلاحیت کھو دیں گے۔
میں نے حق دیانت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے۔ اب حق فہم، قاری کا ہے۔

سہیل طاہر

سیالکوٹ، ہفتہ، ۲۵ ذي الحجة ١٤٤٦ھ

صیہونیت کا تعارف

صیہونیت (Zionism) ایک جدید سیاسی نظریہ اور تحریک ہے، جو تیرھویں صدی کے آخری عشروں میں یورپ میں پیدا ہوئی۔ اس تحریک کا بنیادی دعویٰ یہ تھا کہ دنیا کے یہودی، خواہ وہ کسی بھی ملک یا قوم کے شہری ہوں، ایک واحد "قوم" ہیں، اور ان کے مسئلے کا واحد حل ایک علیحدہ قومی ریاست کا قیام ہے۔ اس ریاست کے لیے جس سرزمین کو چُنا گیا وہ فلسطین تھی، جسے بائبل میں "ارضِ موعود" یا "سرزمینِ مقدس" کہا گیا تھا۔

صیہونیت کا نام "صیّون" سے ماخوذ ہے، جو القدس کے قدیم عبرانی ناموں میں سے ایک ہے۔ یہ تحریک شروع میں مذہبی بنیاد پر نہیں بلکہ ایک سیاسی و قوم پرستانہ منصوبہ تھی، جسے سب سے پہلے تھیوڈور ہرٹزل نے واضح سیاسی شکل دی۔ صیہونیت کی بنیاد اس مفروضے پر ہے کہ:

"یہودی، ایک الگ قوم ہیں، اور انہیں کسی دوسرے ملک، قوم، یا نظام کا حصہ بننے کے بجائے اپنا قومی وطن قائم کرنا چاہیے۔"

صیہونیت کا پہلا باقاعدہ مظہر ۱۳۱۴ھ میں سوئٹزرلینڈ کے شہر بازل میں ہوا، جہاں پہلا صیہونی کانگریس منعقد ہوا، اور ہرٹزل کو تحریک کا قائد تسلیم کیا گیا۔ اسی کانگریس میں درج ذیل اعلان کیا گیا:

"صیہونیت کا مقصد یہودی قوم کے لیے فلسطین میں ایک قانونی طور پر محفوظ وطن قائم کرنا ہے۔"

صیہونیت کی اقسام

صیہونیت کے کئی ذیلی رجحانات وقت کے ساتھ وجود میں آئے، جن میں نمایاں ترین درج ذیل ہیں:

۱۔ سیاسی صیہونیت: ہرٹزل کا نظریہ، جس میں ریاست کا قیام ہی مقصد تھا؛

۲۔ مذہبی صیہونیت: جس نے تورات کی پیشین گوئیوں کو بنیاد بنا کر فلسطین کی واپسی کو مذہبی فریضہ قرار دیا؛ اس

کی ذیلی قسم مسیحی صیہونیت بھی ہے جس میں ایک راسخ العقیدہ نصرانی صیہونیت کی حمایت صرف اس لئے کرتا ہے کہ اس کا ماننا ہے "ہیکل کی تعمیر کے بعد یسوعؑ واپس دنیا میں تشریف لے آئیں گے اور یہودیوں کو نصرانی کرلیں گے"۔ مذہبی صیہونیت خواہ یہودی ہو یا نصرانی دونوں خطرناک ہیں عالمی قانونی تسلیم شدہ حقوق پر ڈاکا ڈالنے کو مذہبی جواز مہیا کرتی ہیں۔

۳۔ عملی صیہونیت: جس نے زمین خریدنے، کالونیاں بسانے اور نقل مکانی کو ترجیح دی؛

۴۔ ثقافتی صیہونیت: جس نے عبرانی زبان اور یہودی روایات کی تجدید کو بنیاد بنایا؛

۵۔ انقلابی صیہونیت: جس میں عسکریت پسند گروہوں نے فلسطین میں قابض حکمت عملی اپنائی۔

تنقیدی زاویہ

صیہونیت کے خلاف سب سے بڑی تنقید یہ کی گئی کہ یہ ایک نسلی قوم پرستی کی جدید شکل ہے، جو دیگر اقوام،

مذاہب اور اقلیتوں کو نظرانداز یا پس پشت ڈالتی ہے۔
فلسطین میں یہودی ریاست کے قیام کے بعد صیہونیت نے محض یہودی شناخت کو ترجیح دی، اور یہ عمل فلسطینیوں کی بے دخلی، جبر اور غلامی پر منتج ہوا۔

مزید برآں، صیہونیت نے یہودیت کو قومیت میں بدل دیا، جو دنیا بھر میں رہنے والے مختلف مزاج، ثقافت اور تاریخ رکھنے والے یہودیوں کے لیے بھی ایک پیچیدہ سوال بن گیا: کیا وہ محض مذہب سے وابستہ ہیں یا ایک نسلی|قومی شناخت رکھتے ہیں؟

مسلمان دنیا، خصوصاً فلسطینیوں، عربوں، اور غیر جانبدار مورخین نے صیہونیت کو ایک نوآبادیاتی نظریہ قرار دیا ہے جو یورپی استعمار کے زیراثر پروان چڑھا۔

یہودی ریاست

پیش لفظ

وہ نظریہ جو میں اس تحریر میں پیش کررہا ہوں، ایک قدیم تصور ہے۔ وہ "یہودی ریاست" کا قیام ہے۔

دنیا یہودیوں کے خلاف چیخ و پکار سے گونج رہی ہے، اور یہی وہ سوئی ہوئی سوچ کو بیدار کرتا ہے۔ میں کوئی نیا تصور پیش نہیں کررہا، یہ امر قارئین کو میری ہر بات کے سلسلے میں واضح طور پر ذہن نشین رکھنا چاہیے۔ نہ تو میں یہودیوں کے تاریخی حالات کا موجد ہوں اور نہ ہی ان کے حل کا۔ اس عمارت کے مادی اجزاء جو میں نقش کر رہا ہوں، عملاً موجود ہیں، ہاتھوں سے چھوئے جا سکتے ہیں؛ ہر کوئی خود اس کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ لہٰذا اگر یہودی مسئلہ کے حل کی اس کوشش کو ایک لفظ میں بیان کرنا ہو تو اسے "خواب" نہیں، بلکہ زیادہ سے زیادہ "لائحۂ عمل" کہا جا سکتا ہے۔

اپنے منصوبے کو افسانہ قرار دیے جانے کے خلاف مجھے سب سے پہلے دفاع کرنا ہوگا۔ دراصل میں سطحی مبصرین کو ایک احمقانہ حرکت سے بچا رہا ہوں جو وہ کر سکتے ہیں۔ انسانیت پسند افسانہ لکھنے میں کوئی شرم کی بات نہیں ہوتی۔ میں ادبی طور پر آسان کامیابی بھی حاصل کر سکتا تھا اگر میں ان قارئین کے لیے جو صرف تفریح چاہتے ہیں، اس منصوبے کو کسی ناول کی بے لاگ بیان کی شکل میں پیش کرتا۔ پر یہ ایسا پیارا افسانہ نہیں ہے جیسے تھامس مورسؔ سے پہلے اور بعد میں اکثر تخلیق کیا گیا۔ اور میرا خیال ہے کہ مختلف ممالک میں یہودیوں کی حالت اتنی سنگین ہے کہ رہنمائی کے لیے چمکدار باتیں غیر ضروری ہیں۔

اپنے منصوبے اور افسانے کے فرق کو واضح کرنے کے لیے، میں پچھلے برسوں کی ایک دلچسپ کتاب کا انتخاب کرتا ہوں: ڈاکٹر تھیوڈور ہرٹزکاؔ کی "Freiland"۔ یہ ایک عمدہ تخیلاتی تصور ہے جو ایک جدید، قومی معاشی

تعلیم یافتہ ذہن نے گھڑا ہے، اور اس کی زندگی سے دوری اُس خطِ استوا کے پہاڑ جیسی ہے جہاں یہ خوابوں کی ریاست واقع ہے۔ "Freiland" ایک پیچیدہ مشینری ہے جس کے کئی دانت اور پہیے ہیں جو ایک دوسرے سے جڑے ہیں؛ لیکن کوئی چیز مجھے یقین نہیں دلاتی کہ اسے چلایا جا سکتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر میں فری لینڈ کی انجمنیں وجود میں آتی دیکھوں گا، تب بھی میں اسے مذاق سمجھوں گا۔

اس کے بر عکس، موجودہ منصوبہ عملاً موجود ایک محرک قوت کے استعمال پر مشتمل ہے۔ تعمیر ہونے والی مشین کے دانتوں اور پہیوں کی تفصیل میں صرف اشارہ کرتا ہوں، مکمل عاجزی کے ساتھ، اپنی نااہلی کا اعتراف کرتے ہوئے اور اس اعتماد پر کہ میرے جیسے میکینک سے بہتر میکینک موجود ہوں گے۔

اصل اہمیت تو قوتِ محرکہ کی ہے۔ اور وہ قوت کیا ہے؟

یہودی مصائب

کون اس بات کا انکار کر سکتا ہے کہ یہ عنصر موجود ہے؟
ہم اسے "یہود مخالف" کے اسباب پر مبنی باب میں زیر بحث لائیں گے۔

لوگ اس جدوجہد کی طاقت سے بھی واقف تھے جو پانی گرم کرنے سے چائے کے برتن میں پیدا ہوتی تھی اور ڈھکن اٹھا دیتی تھی۔ یہ "چائے کے برتن" کی سی ظاہری صورتیں صیہونی کوششیں اور یہود مخالف کے دفاع کے لیے بننے والی بہت سی دیگر انجمنیں ہیں۔

اب میں کہتا ہوں کہ یہی قوت، اگر صحیح طریقے سے استعمال کی جائے، ایک بڑی مشین کو چلانے، انسانوں اور سامان کی نقل و حمل کرنے کے لیے کافی طاقتور ہے۔ مشین کی ظاہری شکل جو بھی ہو۔

میں اپنے دل کی گہرائیوں سے یقین رکھتا ہوں کہ میں صحیح ہوں مجھے نہیں معلوم کہ اپنی زندگی میں کبھی میں اپنی حقانیت ثابت کر پاؤں گا۔ جو پہلے لوگ اس تحریک کا

آغاز کریں گے، وہ شاید اس کے فاتحانہ انجام کو نہ دیکھ سکیں۔ لیکن محض ابتدا کرنے سے ہی ان کے وجود میں ایک بلند عزتِ نفس اور اندرونی آزادی کا سُکھ داخل ہو جائے گا۔

اپنے منصوبے کو افسانے کا شبہ دلانے سے بچانے کے لیے، میں تفصیلات کی مصوری سے بھی احتیاط برتنا چاہتا ہوں۔ مجھے شک ہے کہ بے سود طنز میرے بنائے ہوئے خاکوں کو مسخ کر کے پورے منصوبے کو بے اثر کرنے کی کوشش کرے گا۔ ایک ذہین یہودی جسے میں نے یہ بات بتائی، کہنے لگا: "حقیقت کے طور پر پیش کردہ مستقبل کی تفصیل ہی افسانے کی شناخت ہے۔" یہ غلط ہے۔ ہر مالیاتی وزیر اپنے سرکاری میزانیہ میں مستقبل کے اعداد و شمار کے ساتھ حساب لگاتا ہے نہ صرف ان اعداد سے جو گزشتہ سالوں کے اوسط یا دوسرے ممالک کے گزشتہ آمدن سے اخذ کرتا ہے، بلکہ بے سابقہ اعداد سے بھی، مثلاً نیا محصول نافذ کرتے

وقت۔ یہ جاننے کے لیے کبھی میزانیہ دیکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ کیا اس بنا پر کوئی مالیاتی بل کو افسانہ سمجھے گا، چاہے یہ جان لے کہ تخمینہ کبھی پوری طرح پورا نہیں ہو سکتا؟

مگر میں اپنے قارئین سے مزید مشکل مطالبات کرتا ہوں۔ میں ان تعلیم یافتہ افراد سے جن سے میں مخاطب ہوں، کئی پرانے تصورات کے بارے میں اپنی سوچ بدلنے اور نئے سرے سے سیکھنے کا مطالبہ کرتا ہوں۔ اور خاص طور پر بہترین یہودیوں سے، جنہوں نے یہودی مسئلے کے حل کے لیے سرگرم کوششیں کی ہیں، میں ان سے کہتا ہوں کہ وہ اپنی اب تک کی کوششوں کو ناکام اور غیر مؤثر سمجھیں۔

اس خیال کو پیش کرتے ہوئے مجھے ایک خطرے سے نمٹنا ہے۔ اگر میں مستقبل سے متعلق تمام باتوں کو محتاط انداز میں کہوں تو ایسا لگے گا کہ میں خود ان کے امکان پر یقین نہیں رکھتا۔ اگر اس کے برعکس میں ان کے عملی

ہونے کا بے لاگ اعلان کروں تو پھر سب کچھ محض ذہنی تخیل لگے گا۔

اس لیے میں واضح اور پختگی سے کہتا ہوں : میں اس کے عملی ہونے پر یقین رکھتا ہوں، اگرچہ میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ میں نے اس خیال کی حتمی شکل تلاش کر لی ہے۔ "یہودی ریاست" ایک عالمی ضرورت ہے، لہٰذا وہ وجود میں آئے گی۔

اگر کوئی ایک فرد اسے چلائے تو یہ ایک پاگل پن کی بات ہوگی لیکن اگر بہت سے یہودی بیک وقت اس پر عمل کریں تو یہ بالکل معقول ہے، اور عمل درآمد میں کوئی قابلِ ذکر دشواری پیش نہیں آئے گی۔ یہ خیال صرف اس کے حامیوں کی تعداد پر منحصر ہے۔ شاید ہمارے بیدار ہوتے نوجوان، جن کے لیے اب تمام راستے بند ہیں اور جن کے لیے "یہودی ریاست" میں عزت، آزادی اور خوشی کے دھوپ دار امکانات کھلتے ہیں، اس خیال کی ترویج کریں گے۔

میں خود اس تحریر کے شائع ہونے کے ساتھ ہی اپنا کام مکمل سمجھتا ہوں۔ میں صرف تب ہی بات کروں گا جب قابلِ توجہ مخالفین کے حملے مجھے مجبور کریں یا جب غیر متوقع اعتراضات کا جواب دینا ہو، غلطیوں کو دور کرنا ہو۔

کیا جو کچھ میں کہتا ہوں وہ آج بھی درست نہیں؟ کیا میں اپنے زمانے سے آگے ہوں؟ کیا یہودیوں کے مصائب ابھی کافی نہیں؟ ہم دیکھیں گے۔

لہٰذا یہ یہودیوں پر منحصر ہے کہ آیا یہ ریاستی تحریر عارضی طور پر صرف ایک ریاستی افسانہ رہے گی۔ اگر موجودہ نسل ابھی بھی بے حس ہے تو ایک دوسری، بلند تر، بہتر نسل آئے گی۔ یہودی جو چاہیں گے، اپنی ریاست رکھیں گے، اور وہ اس کے مستحق ہوں گے۔

آغاز

عملی زندگی کے بیچوں بیچ کام کرنے والے افراد کی معاشی بصیرت حیرت انگیز حد تک کم ہوتی ہے۔

صرف یہی وجہ ہے کہ کچھ یہودی بھی یہودی مخالفین کے نعرے کو ایمانداری سے دہراتے ہیں : ہم "میزبان قوموں" کے دم پر پلتے ہیں، اور اگر ہمارے ارد گرد کوئی "میزبان قوم" نہ ہو تو ہم بھوکے مر جائیں۔ یہ ان نکات میں سے ایک ہے جہاں ناحق الزامات کے باعث ہماری خود اعتمادی کی کمزوری ظاہر ہوتی ہے۔ "میزبان قوم" کا معاملہ حقیقت میں کیا ہے؟ جہاں تک یہ پرانی معاشی تنگ نظری پر مشتمل نہیں، یہ ایک بچگانہ غلط فہمی پر مبنی ہے کہ معیشت میں ہمیشہ وہی پرانی چیزیں گردش کرتی رہتی ہیں۔ ہمیں رِپ وان ونکل کی طرح برسوں کی نیند سے بیدار ہونے کی ضرورت نہیں کہ یہ جان سکیں کہ نئی اشیاء کے مسلسل وجود میں آنے سے دنیا بدل گئی ہے۔ ہمارے مالدار، تکنیکی ترقی سے بھرپور حیرت انگیز دور میں، ذہنی طور پر غریب ترین آدمی بھی اپنی چپکی ہوئی آنکھوں سے ارد گرد نئی اشیاء کو ابھرتے دیکھتا ہے۔ انہیں کاروباری جذبے نے تخلیق

کیا ہے۔
کاروباری جذبے کے بغیر محنت جامد اور پرانی ہوتی ہے؛ اس کی واضح مثال کسان کی ہے جو آج بھی اُسی جگہ کھڑا ہے جہاں اُس کا جدِامجد ہزار سال پہلے کھڑا تھا۔ تمام مادی خوشحالی کاروباری ذہن رکھنے والوں ہی نے پیدا کی ہے۔ ایسی معمولی بات لکھنے میں تقریباً شرم آتی ہے۔ چنانچہ اگر ہم صرف اور صرف کاروباری ہی ہوتے جیسا کہ احمقانہ مبالغہ آرائی دعویٰ کرتی ہے تب بھی ہمیں کسی "میزبان قوم" کی ضرورت نہ ہوتی۔ ہم پرانی اشیاء کے گردش پر منحصر نہیں، کیونکہ ہم نئی اشیاء پیدا کرتے ہیں۔
ہمارے پاس انتہائی طاقتور محنتی غلام ہیں جن کا ثقافتی دنیا میں ظہور دستکاری کے لیے مہلک مقابلہ ثابت ہوا: وہ مشینیں ہیں۔ البتہ مشینوں کو چلانے کے لیے مزدوروں کی ضرورت ہوتی ہے؛ لیکن ان ضروریات کے لیے ہمارے پاس کافی، بلکہ ضرورت سے زیادہ

لوگ ہیں۔ صرف وہی شخص جو مشرقی یورپ کے بہت سے علاقوں میں یہودیوں کی حالت سے ناواقف ہے، یہ کہنے کی جسارت کرے گا کہ یہودی دستکاری سے نااہل یا ناخوش ہیں پر میں اس تحریر میں یہودیوں کا دفاع نہیں کرنا چاہتا۔ یہ فضول ہوگا۔ معقول اور حتیٰ کہ جذباتی ہر قسم کی بات اس موضوع پر کہی جا چکی ہے۔ اب صرف سمجھ اور جذبات کے لیے مناسب دلائل ڈھونڈنا کافی نہیں؛ سامعین کو پہلے سمجھنے کے قابل ہونا چاہیے، ورنہ آپ صحرا میں وعظ کرنے والے ہیں۔ لیکن اگر سامعین پہلے ہی اتنا دور، اتنا بلند پہنچ چکے ہوں، تو پورا وعظ غیر ضروری ہے۔ میں انسانوں کے اخلاقی ارتقا میں مسلسل بلند درجوں پر چڑھنے پر یقین رکھتا ہوں؛ البتہ میں اسے ناامید کن حد تک سست سمجھتا ہوں۔ اگر ہم انتظار کرتے رہیں کہ اوسط درجے کے لوگوں کی سوچ بھی لیسنگ جیسی نرمی اختیار کر لے جب اُس نے "NathandenWeisen" لکھی تھی، تو اس

دوران ہماری، ہمارے بیٹوں، پوتوں، پڑپوتوں لی زندگی گزر سکتی ہے۔ تب ہماری مدد کو دنیا کی روح کسی دوسری جانب سے آتی ہے۔

یہ صدی ہمیں تکنیکی کامیابیوں کے ذریعے ایک عظیم نشاۃ ثانیہ لائی ہے۔ صرف انسانیت کے لیے یہ افسانوی ترقی ابھی استعمال نہیں ہوئی۔ زمین کی سطح کے فاصلے فتح ہو چکے ہیں، پھر بھی ہم تنگی کے مصائب میں گھسے ہیں۔ اب ہم تیز رفتار اور محفوظ بحری جہازوں پر سوار پہلے انجان سمندروں کو عبور کرتے ہیں۔ محفوظ ریلوے ہمیں اُن پہاڑی علاقوں تک لے جاتی ہیں جنہیں پہلے خوف کے ساتھ پیدل چڑھا جاتا تھا۔ جن ممالک کے واقعات یورپ کے یہودیوں کو گھیٹو میں بند کرتے وقت دریافت تک نہیں ہوئے تھے، وہ اگلے گھنٹے میں ہمیں معلوم ہو جاتے ہیں۔ اس لیے یہودی مصیبت قدیم دور کی باقیات ہے اور اس وجہ سے نہیں کہ سو سال پہلے بھی روشن خیالی کا دور تھا، جو حقیقتاً

صرف اعلیٰ ذہنوں کے لیے تھا۔

اب میرا خیال ہے کہ بجلی بالکل اس لیے ایجاد نہیں ہوئی کہ کچھ امیر اپنی نمائشی حویلیوں کو روشن کریں، بلکہ اس لیے کہ ہم اس کی روشنی میں انسانیت کے مسائل حل کریں۔ ایک مسئلہ، اور غیر اہم نہیں، "یہودی مسئلہ" ہے۔ اسے حل کر کے ہم نہ صرف اپنے لیے بلکہ بہت سی دوسری محنت کش اور مصیبت زدہ قوموں کے لیے بھی کام کرتے ہیں۔

یہودی مسئلہ موجود ہے۔ اس کا انکار کرنا حماقت ہوگی۔ یہ قرونِ وسطیٰ کا ایک التوا میں پڑا ہوا ٹکڑا ہے جس سے مہذب قومیں آج بھی پوری نیّت کے باوجود چھٹکارا نہیں پا سکیں۔ انہوں نے تو بڑی فراخدلی دکھائی جب ہمیں آزاد کیا۔ یہودی مسئلہ ہر جگہ موجود ہے جہاں کافی تعداد میں یہودی رہتے ہیں۔ جہاں یہ نہیں، وہاں ہجرت کرنے والے یہودی اسے درآمد کرتے ہیں۔ ہم قدرتی طور پر اُس طرف کھنچتے ہیں جہاں ہمارا تعاقب نہیں ہوتا؛

ہمارے ظہور سے ہی پھر تعاقب شروع ہو جاتا ہے۔
یہ سچ ہے، ہر جگہ سچ رہے گا، یہاں تک کہ انتہائی ترقی یافتہ ممالک میں بھی جیسے فرانس اس کی گواہی ہے جب تک کہ یہودی مسئلہ سیاسی طور پر حل نہیں ہوتا۔ غریب یہودی اب یہودی دشمنی کو انگلستان لے جا رہے ہیں، وہ اسے پہلے ہی امریکا لا چکے ہیں۔
میں یہود دشمنی کو، جو ایک کثیر الجہتی تحریک ہے، سمجھنے کا دعوٰی کرتا ہوں۔ میں اس تحریک کو یہودی ہونے کے باوجود، بغیر کسی نفرت یا خوف کے دیکھتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہودی دشمنی میں کیا ظالمانہ مذاق ہے، روٹی کا حسد ہے، موروثی تعصب ہے، مذہبی عدم رواداری ہے اور کیا اس میں فرضی دفاع بھی ہے۔ میں یہودی مسئلے کو نہ تو سماجی سمجھتا ہوں اور نہ ہی مذہبی، چاہے یہ کتنی ہی رنگ بدلے۔ یہ ایک قومی سوال ہے، اور اسے حل کرنے کے لیے ہمیں سب سے پہلے اسے ایک سیاسی عالمی مسئلہ بنانا ہوگا جو مہذب اقوام کی

کی مجلس میں طے ہو گا۔

ہم ایک قوم ہیں، ایک قوم۔

ہم نے ہر جگہ ایمانداری سے کوشش کی کہ اپنے گرد کی قومی برادریوں میں گم ہو جائیں اور صرف اپنے آباؤاجداد کا ایمان برقرار رکھیں۔ لوگ اس کی اجازت نہیں دیتے۔ بے فائدہ ہم وفادار اور کئی مقامات پر حد سے زیادہ محب وطن ہیں، بے فائدہ ہم اپنے ہم وطنوں کی طرح مال و خون کی قربانیاں دیتے ہیں، بے فائدہ ہم کوشش کرتے ہیں کہ اپنے آبائی وطنوں کے شہرہ کو فنون و علوم میں، ان کی دولت کو تجارت و نقل و حمل سے بڑھائیں۔ اپنے آبائی وطنوں میں، جہاں ہم صدیوں سے رہ رہے ہیں، ہمیں غیر ملکی کہہ کر پکارا جاتا ہے؛ اکثر اُن لوگوں کی طرف سے جن کے خاندان اس سرزمین پر تب تک موجود نہیں تھے جب ہمارے باپ دادا یہاں کراہ رہے تھے۔ ملک میں غیر ملکی کون ہے، یہ اکثریت طے کر سکتی ہے؛ یہ بھی طاقت کا

معاملہ ہے جیسے بین الاقوامی تعلقات میں ہر چیز ہوتی ہے۔ میں اپنے مقدس حقوق میں سے کچھ بھی قربان نہیں کر رہا جب میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بہر صورت انفرادی افراد کی بے اختیار بات ہے۔ دنیا کی موجودہ حالت میں اور شاید ابھی طویل عرصے تک، حق سے پہلے طاقت کا دخل ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم بے فائدہ ہر جگہ فرض شناس محب وطن ہیں، جیسے ہیوگینوٹؔ تھے جنہیں جبراً ہجرت کرنی پڑی۔ اگر ہمیں چین سے رہنے دیا جاتا۔۔۔

مگر میرا خیال ہے کہ ہمیں چین سے نہیں رہنے دیا جائے گا۔ دباؤ اور ظلم و ستم سے ہم ختم نہیں ہو سکتے۔ تاریخ کی کوئی قوم ہماری طرح جدوجہد اور مصائب نہیں جھیل سکی۔ یہودیوں کے شکار نے ہمیشہ صرف ہمارے کمزوروں کو ہی مرتد بنایا ہے۔ جب ظلم و ستم پھوٹ پڑتے ہیں، مضبوط یہودی اکڑ کر اپنی قوم کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ یہ بات یہودیوں کی آزادی کے فوراً بعد کے دور میں واضح طور پر دیکھی جا سکتی تھی۔ ذہنی اور

مادی طور پر اعلیٰ یہودیوں میں باہمی ربط کا احساس مکمل طور پر غائب ہو گیا تھا۔ سیاسی خوشحالی کی کچھ دیرپائی کی صورت میں ہم ہر جگہ ہم آہنگ ہو جاتے ہیں؛ میرا خیال ہے کہ یہ قابلِ مذمت نہیں۔ وہ سیاستدان جو اپنی قوم میں یہودی نسلی عنصر شامل کرنا چاہتا ہو، اسے لازماً ہماری سیاسی خوشحالی کو پائیدار بنانا ہو گا اور خود بسمارکؔ بھی ایسا نہ کر سکے۔

کیونکہ قوموں کے اجتماعی شعور کی گہرائیوں میں یہودیوں کے خلاف پرانے تعصبات جڑ پکڑے ہوئے ہیں۔ جو شخص اس کا اندازہ لگانا چاہے، اُسے صرف وہیں کان لگانا کافی ہے جہاں عام لوگ سادہ اور براہِ راست گفتگو کرتے ہیں لوک کہانیاں اور کہاوتیں یہ سب یہود مخالف ہیں۔ عوام ہر جگہ ایک بڑا بچہ ہوتے ہیں یقیناً ان کی تربیت ممکن ہے، لیکن یہ تربیت اگر انتہائی کامیاب بھی ہو، تو بھی اتنا طویل وقت لے گی کہ اس سے پہلے ہمیں جیسا کہ میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں، کوئی اور حل اختیار

کرنا ہوگا۔

انضمام کا مطلب مَیں محض لباس، رہن سہن، رسم و رواج یا زبان میں مشابہت نہیں لیتا بلکہ طبعیت اور ذہنیت میں مکمل یکسانیت کو مراد لیتا ہوں۔ یہودیوں کا معاشرے میں اس طرح ضم ہو جانا صرف بین النسل شادی کے ذریعے ممکن ہے اور وہ بھی اُس وقت جب اکثریت خود اس کو ایک ضرورت سمجھے۔

یہ کسی قانون سازی سے ممکن نہیں جیسے کہ حالیہ ہنگریؔ کے لبرل جو اسے قانونی طور پر ممکن بنا چکے ہیں، لیکن وہ ایک بنیادی غلط فہمی کا شکار ہیں اور اس طرح کے نظریاتی طور پر قائم کیے گئے رشتے کی حقیقت ایک ہی واقعے سے خوب واضح ہوئی ایک مسیحی مذہب اختیار کرنے والا یہودی ایک یہودی خاتون سے شادی کرتا ہے۔ مگر شادی کی اس موجودہ شکل پر جو کشمکش ہوئی، اس نے ہنگریؔ میں یہود و نصاریٰ کے درمیان فرق کو مزید گہرا کر دیا، اور نسلی آمیزش کو فائدے کی بجائے

نقصان پہنچایا۔
جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ یہودی نسل کا خاتمہ
نسلی آمیزش کے ذریعے ہو وہ بھی صرف ایک ہی
راستہ دیکھ سکتے ہیں یہودیوں کو اتنی معاشی طاقت حاصل
کرنی ہوگی کہ وہ سماجی تعصبات کو ختم کر سکیں۔
اس کی مثال اشرافیہ ہے جہاں یہود و غیر یہود کے رشتے
سب سے زیادہ عام ہیں۔ قدیم اشرافیہ، یہودیوں کی
دولت کے ذریعے خود کو پھر سے سنوارتی ہے، اور
یہودی خاندان اسی میں ضم ہو جاتے ہیں۔
مگر یہی صورت حال اگر متوسط طبقے میں ہو، جہاں کہ
یہودی مسئلہ سب سے زیادہ شدت سے موجود ہے تو
وہاں یہ پہلے سے ہی یہودیوں کی مکمل اقتصادی حکمرانی
کے مترادف ہوگا، اور ویسے بھی یہ الزام پہلے سے
موجود ہے۔

اور اگر موجودہ یہودی طاقت بھی اتنے غصے اور چیخ و پکار
کا باعث بن رہی ہے، تو مزید طاقت مل جانے کے بعد

کے رد عمل کی شدت کا اندازہ لگانا آسان ہے۔ یہ ضم ہونے کی منزل کبھی حاصل نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ تو اس کا مطلب ہوگا کہ حالیہ ماضی میں ذلیل سمجھی جانے والی اقلیت ایک اکثریت پر حاوی ہو جائے، جب کہ اس کے پاس نہ جنگی طاقت ہے، نہ حکومتی اختیارات۔ اسی لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہودیوں کا معاشرے میں مکمل طور پر ضم ہو جانا، چاہے کامیابی کے ذریعے ہی کیوں نہ ہو، ناممکن ہے۔

جہاں آج یہود دشمنی موجود ہے، وہاں میرے موقف سے اتفاق کیا جائے گا۔ مگر جہاں آج یہودی امن سے جی رہے ہیں، وہاں میرے ہم قوم افراد ہی شاید میرے دعوے کو سختی سے رد کریں گے۔

مگر وہ اس وقت تک میرا یقین نہیں کریں گے جب تک کہ انہیں دوبارہ کوئی یہود دشمن لہر نہیں آتی اور جتنی دیر تک یہ یہود دشمنی انتظار کراتی ہے، اتنی ہی شدت سے وہ ایک دن پھٹے گی۔ کیونکہ نئی جگہوں پر نقل مکانی

کرنے والے یہودی اور مقامی یہودیوں کی ترقی پسندانہ تحریک یہ دونوں مل کر ایک زبردست انقلاب کو جنم دیں گے اوراس منطقی نتیجے سے زیادہ آسان کچھ نہیں۔ لیکن یہ کہ میں بے فکری سے صرف سچ کی پیروی کرتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا ہوں، میرے خیال میں اس سے میری مخالفت ہوگی، خاص طور پر ان یہودیوں کی دشمنی جو سازگار حالات میں رہتے ہیں۔ جہاں تک یہ صرف ذاتی مفادات کا معاملہ ہے جن کے حاملین تنگ نظری یا بزدلی سے خطرہ محسوس کرتے ہیں، تو ان پر ہنس کر نظرانداز کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ غریبوں اور مظلوموں کا معاملہ زیادہ اہم ہے۔ تاہم میں شروع سے ہی غلط تصورات پیدا نہیں ہونے دینا چاہتا: خاص طور پر یہ کہ اگر کبھی یہ منصوبہ عملی ہوا تو دولت مند یہودیوں کے مال و دولت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے میں ملکیت کے حقوق کی تفصیل سے وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔ اگر یہ پورا خیال صرف ادب تک ہی محدود رہا تو پھر سب کچھ

ویسا ہی رہے گا۔ زیادہ سنگین اعتراض یہ ہوگا کہ مَیں یہودی مخالفین کی مدد کر رہا ہوں جب مَیں ہمیں ایک قوم، ایک قوم کہتا ہوں، کہ مَیں یہودیوں کے انضمام کو، جہاں وہ ہو رہا ہے، رکاوٹ بن رہا ہوں اور جہاں ہو چکا ہے، اسے بعد میں خطرے میں ڈال رہا ہوں بقدرِ امکان جتنا ایک تنہا مصنف روک یا خطرہ پیدا کر سکتا ہے۔

یہ اعتراض خاص طور پر فرانس میں سامنے آئے گا۔ میں اس کی توقع دوسرے مقامات پر بھی کرتا ہوں، لیکن میں صرف فرانسیسی یہودیوں کو پیشگی جواب دینا چاہتا ہوں کیونکہ وہ سب سے مضبوط مثال پیش کرتے ہیں۔

میں جتنا بھی شخصیت کی عظمت کا احترام کرتا ہوں سیاستدان، موجد، فنکار، فلسفی یا جرنیل کی مضبوط انفرادی شخصیت ہو یا انسانی گروہ کی اجتماعی شخصیت جسے ہم قوم کہتے ہیں میں جتنا بھی شخصیت کی قدر کرتا ہوں، اس کے زوال پر افسوس نہیں کرتا۔ جو زوال پذیر ہو سکتا ہے، چاہتا ہے اور ہونا چاہیے، اسے زوال پذیر

ہونا چاہیے۔ لیکن یہودیوں کا قومی تشخص زوال پذیر نہیں ہو سکتا، نہیں چاہتا، اور نہیں ہونا چاہیے۔ وہ نہیں ہو سکتا، کیونکہ بیرونی دشمن اسے متحد رکھتے ہیں۔ وہ نہیں چاہتا، اس نے دو ہزار سال کے خوفناک مصائب میں یہ ثابت کیا ہے۔ اسے نہیں ہونا چاہیے، میں اس تحریر میں بہت سے دوسرے یہودیوں کی طرح جو امید نہیں چھوڑتے، اس میں اضافہ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ یہودیت کی پوری شاخیں مر سکتی ہیں، گر سکتی ہیں؛ لیکن درخت زندہ رہتا ہے۔

اگر تمام یا کچھ فرانسیسی یہودی اس منصوبے کے خلاف احتجاج کریں کہ وہ پہلے ہی "ضم" ہو چکے ہیں، تو میرا جواب سادہ ہے: پورا معاملہ ان سے متعلق نہیں۔ وہ اسرائیلی فرانسیسی ہیں، بہترین! یہ تاہم یہودیوں کا داخلی معاملہ ہے۔

اب درحقیقت ریاست سازی کی وہ تحریک جو میں تجویز کرتا ہوں، یہودی فرانسیسیوں کو بھی اتنا ہی کم نقصان

پہنچائے گی جتنا دوسرے ممالک کے "ضم شدہ" یہودیوں کو۔ بلکہ الٹا انہیں فائدہ ہوگا، فائدہ! کیونکہ ڈارون کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے، وہ اپنی "رنگینی صلاحیت" میں مزید مخل نہ ہوں گے۔ وہ پرسکون طریقے سے ضم ہو سکتے ہیں کیونکہ موجودہ یہودی دشمنی ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔ لوگ ان پر یقین بھی کریں گے کہ وہ اپنی روح کی گہرائیوں تک ضم ہو چکے ہیں، جب نئی یہودی رعیت اپنے بہتر انتظامات کے ساتھ حقیقت بن جائے گی اور وہ اب بھی وہیں رہیں گے جہاں اب رہتے ہیں۔

مسیحی شہریوں سے بھی زیادہ فائدہ "ضم شدہ" یہودیوں کو اپنے قبیلے کے بکھرے ہوئے یہودیوں کے انخلا سے ہوگا۔ کیونکہ "ضم شدہ" یہودی یہودی پرولتاریہ کے پریشان کن، غیر متوقع، ناگزیر مقابلے سے چھٹکارا پا جائیں گے جو سیاسی دباؤ اور معاشی تنگی کے باعث جگہ جگہ، ملک ملک پھینکا جاتا ہے۔ یہ متحرک پرولتاریہ

مستقل بنیادوں پر ٹھہر جائے گا۔ اب کچھ مسیحی شہری جنہیں یہودی مخالف کہا جاتا ہے غیر ملکی یہودیوں کی آمد کے خلاف مزاحمت کر سکتے ہیں۔ یہودی شہری ایسا نہیں کر سکتے، حالانکہ وہ زیادہ سخت متاثر ہوتے ہیں؛ کیونکہ سب سے پہلے ان پر اسی طرح کے معاشی افراد کا مقابلے کا دباؤ ہوتا ہے، جو مزید یہودی دشمنی درآمد کرتے ہیں یا موجودہ کو تیز کرتے ہیں۔ یہ "ضم شدہ" یہودیوں کا ایک پوشیدہ دکھ ہے جو "فلاحی" اداروں میں راہ پاتا ہے۔ وہ آنے والے یہودیوں کے لیے ہجرتی انجمنیں قائم کرتے ہیں۔ اس صورتِ حال میں ایک تضاد ہے جسے مضحکہ خیز سمجھا جا سکتا اگر معاملہ مصیبت زدہ لوگوں کا نہ ہوتا۔ ان امدادی انجمنوں میں سے کچھ مظلوم یہودیوں کے لیے نہیں، بلکہ ان کے خلاف ہوتی ہیں؛ غریب ترین لوگوں کو جلد از جلد، جتنا دور ہو سکے بھیج دیا جائے۔ اور اس طرح غور سے دیکھنے پر پتہ چلتا ہے کہ کئی بظاہر یہودی دوست در حقیقت خیراتی کارکن

کے بھیس میں یہودی نسل کا یہودی مخالف ہوتا ہے۔
مگر خود وہ نوآبادکاری کی کوششیں جو حقیقی نیک نیتی سے
کی گئیں، اب تک کامیاب نہیں ہوئیں، حالانکہ وہ
دلچسپ تجربات تھے۔ میرا خیال نہیں کہ کسی خاص
معاملے میں محض تفریح مقصود تھی؛ کہ فلاں یا فلاں
غریب یہودی کو اِدھر اُدھر بھٹکایا گیا جیسے گھوڑوں کو
دوڑایا جاتا ہے۔ اس معاملے کی سنگینی اور المنا کی اس
سے کہیں زیادہ ہے۔ یہ کوششیں اس لحاظ سے دلچسپ
تھیں کہ انہوں نے چھوٹے پیمانے پر "یہودی ریاست"
کے خیال کے عملی پیش رو کا کام دیا۔ اور یہاں تک کہ
مفید بھی تھیں اس اعتبار سے کہ ان میں غلطیاں ہوئیں
جن سے بڑے پیمانے پر عمل درآمد کے وقت سبق لیا
جا سکتا ہے۔ البتہ ان کوششوں سے نقصان بھی پہنچا۔
نئے علاقوں میں یہودی دشمنی کی درآمد، جو ایسے مصنوعی
نفوذ کا ناگزیر نتیجہ ہے، میں ابھی تک سب سے کم تر
نقصان سمجھتا ہوں۔ اس سے بھی بدتر یہ ہے کہ ناکافی

نتائج نے خود یہودیوں میں یہودی انسانی مواد کی کارآمدیت پر شکوک پیدا کیے۔ لیکن سمجھدار لوگوں کے ذہن میں یہ شکوک درج ذیل سادہ دلیل سے دور ہو جائیں گے: جو چیز چھوٹے پیمانے پر نامناسب یا ناقابلِ عمل ہے، وہ ضروری نہیں کہ بڑے پیمانے پر بھی ویسی ہی ہو۔ ایک چھوٹا کاروبار اُنہی حالات میں نقصان دے سکتا ہے جن میں ایک بڑا کاروبار منافع بخش ہو۔ ایک چھوٹی ندی تو کشتیوں کے لیے بھی قابلِ عبور نہیں ہوتی؛ لیکن جس دریا میں وہ گرتی ہے، وہ مضبوط لوہے کے جہاز اٹھاتا ہے۔

کوئی شخص اتنا طاقتور یا امیر نہیں کہ ایک قوم کو ایک رہائش گاہ سے دوسری جگہ منتقل کر سکے۔ یہ کام صرف ایک "نظریہ" کر سکتا ہے۔ ریاستی نظریہ میں یقیناً ایسی طاقت ہے۔ یہودیوں نے اپنی پوری تاریک راتِ تاریخ میں یہ شاہی خواب دیکھنا بند نہیں کیا: "اگلے سال یروشلم میں!" ہمارا قدیم قول ہے۔ اب بات یہ

ہے کہ یہ دکھایا جائے کہ خواب سے صاف سوچ بن سکتی ہے۔

اس کے لیے سب سے پہلے دلوں سے کئی پرانی، متروک، الجھی ہوئی، محدود سوچوں کو شفاف لوح بنانا ہوگا۔ لہٰذا پہلے کم عقل ذہن میرا ماننا ہے سوچیں گے کہ ہجرت ثقافت سے نکل کر صحرا کی طرف جانا ہوگا۔ ایسا نہیں! ہجرت ثقافت کے دل میں ہوگی۔ آپ نچلے درجے پر واپس نہیں جاتے، بلکہ اونچے درجے پر چڑھتے ہیں۔ آپ مٹی کے جھونپڑے نہیں لیتے، بلکہ خوبصورت، جدید گھر لیتے ہیں جو آپ خود بناتے ہیں اور بلا خوف ملکیت رکھتے ہیں۔ آپ اپنا کمایا ہوا مال نہیں کھوتے، بلکہ اسے استعمال کرتے ہیں۔ آپ اپنا حق صرف بہتر حق کے بدلے چھوڑتے ہیں۔ آپ اپنی پیاری عادات سے جدا نہیں ہوتے، بلکہ انہیں دوبارہ پاتے ہیں۔ آپ پرانا گھر اس وقت تک نہیں چھوڑتے جب تک نیا مکمل نہ ہو جائے۔

ہمیشہ صرف وہی لوگ ہجرت کرتے ہیں جو اپنی حالت بہتر کرنے کے یقین رکھتے ہیں۔ پہلے مایوس، پھر غریب، پھر خوشحال، پھر امیر۔ پہلے جانے والے اونچی پرت میں چڑھ جاتے ہیں، یہاں تک کہ یہ آخری پرت اپنے لوگوں کو پیچھے بلاتی ہے۔ ہجرت ایک ساتھ ابھرتی ہوئی طبقاتی تحریک بھی ہے۔

اور یہودیوں کے کوچ کر جانے کے پیچھے کوئی معاشی خلل، کوئی بحران اور ظلم نہیں، بلکہ چھوڑے ہوئے ممالک کے لیے خوشحالی کا دور شروع ہوتا ہے۔ عیسائی شہریوں کی اندرونی ہجرت یہودیوں کے چھوڑے ہوئے مقامات پر آ بسے گی۔ یہ انخلا بتدریج ہوگا، بغیر کسی ہلچل کے، اور اس کا آغاز ہی یہودی دشمنی کا خاتمہ ہے۔ یہودی محترم دوستوں کی حیثیت سے رخصت ہوں گے، اور اگر کوئی فرد واپس آئے گا تو مہذب ممالک میں اسے دوسرے غیر ملکی شہریوں کی طرح خیر مقدم کیا جائے گا۔ یہ ہجرت کوئی فرار نہیں بلکہ

عوامی رائے کے قابو میں ایک منظم عمل ہوگا۔ یہ تحریک نہ صرف مکمل قانونی ذرائع سے شروع کی جا سکتی ہے، بلکہ اسے عملی جامہ صرف متعلقہ حکومتوں کے دوستانہ تعاون سے ہی پہنایا جا سکتا ہے جنہیں اس سے بنیادی فوائد حاصل ہوں گے۔

خالص خیال اور اس کی عملی قوت کے لیے ایسے ضامن درکار ہیں جو صرف "اخلاقی" یا "قانونی" شخصیات میں پائے جاتے ہیں۔ میں ان دونوں اصطلاحات کو جو قانونی زبان میں اکثر خلط ملط ہوتی ہیں، الگ الگ کروں گا۔ اخلاقی شخصیت (جو نجی ملکیت کے دائرے سے باہر حقوق کی حامل ہو) کے طور پر میں "یہودی معاشرہ" قائم کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ "انجمنِ یہود" کی قانونی شخصیت موجود ہوگی جو ایک اقتصادی ادارہ ہوگا۔

کوئی انفرادی شخص جو ایسے عظیم الشان کام کا ارادہ ظاہر کرے، دھوکے باز یا دیوانہ ہو سکتا ہے۔ اخلاقی شخصیت کی پاکیزگی کی ضمانت اس کے اراکین کے

کردار سے ہوگی۔ قانونی شخصیت کی کافی طاقت اس کے سرمائے سے ثابت ہوگی۔

اس سابقہ وضاحت سے میں نے صرف عجلت میں پہلے اعتراضوں کے انبار کو ہٹانا چاہا جو لفظ "یہودی ریاست" سنتے ہی اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ اب سے ہم زیادہ سکون کے ساتھ بات کریں گے، دوسرے اعتراضات کا جواب دیں گے اور پہلے اشارہ کردہ بعض باتوں کو مزید گہرائی سے بیان کریں گے اگرچہ کتاب کو ہلکی پھلکی رکھنے کے لیے ممکنہ حد تک ثقالت سے گریز کیا جائے گا۔ مختصر اور جامع ابواب ایسے مقصد کے لیے بہترین ہیں۔

اگر میں ایک پرانی عمارت کی جگہ نئی تعمیر کرنا چاہوں تو پہلے انہدام کرنا ہوگا پھر تعمیر۔ اس معقول ترتیب کو میں اپناؤں گا۔ پہلے عمومی حصے میں تصورات کی وضاحت ہوگی، پرانی مبہم سوچیں دور کی جائیں گی، سیاسی اور معاشی شرائط طے ہوں گی، اور منصوبہ تشکیل پائے گا۔

خصوصی حصے میں، جو تین اہم شاخوں میں تقسیم ہے، عملی نفاذ پیش کیا جائے گا۔ یہ شاخیں ہیں: انجمنِ یہود، مقامی گروہ، اور یہودی سماج۔ اگرچہ سماج پہلے وجود میں آئے گا، اور انجمن آخر میں؛ لیکن خاکے میں اُلٹی ترتیب موزوں ہے، کیونکہ مالیاتی عملداری کے خلاف سب سے بڑے تحفظات اٹھیں گے، جن کا فوری جواب دینا ضروری ہوگا۔
اختتامی کلمات میں پھر باقی رہ جانے والے متوقع اعتراضات پر آخری ضرب لگائی جائے گی۔ میرے یہودی قارئین سے گزارش ہے کہ صبر کے ساتھ اختتام تک میرا ساتھ دیں۔ کچھ کے لیے اعتراضات یہاں چنے گئے جوابات کے ترتیب سے مختلف ترتیب میں اٹھیں گے۔ لیکن جن کے معقول تحفظات دور ہو جائیں، انھیں اس معاملے کا اعلانیہ حامی بن جانا چاہیے۔
جب میں عقل کی بات کرتا ہوں، تو پھر میں بھی جانتا

ہوں کہ محض عقل کافی نہیں۔ پرانے بندی قید خانے سے خوشی خوشی نہیں نکلتے۔ ہم دیکھیں گے کہ کیا ہماری نوجوان نسل، جس کی ہمیں ضرورت ہے، ابھی پختہ ہوئی ہے؛ وہ نوجوان جو بزرگوں کو ساتھ لے چلتی ہے، مضبوط بازوؤں پر اٹھاتی ہے، اور عقل کی بنیادوں کو جوش میں بدل دیتی ہے۔

عمومی حصہ

یہودی مسئلہ

یہودیوں کی مصیبت زدگی کا کوئی انکار نہیں کرے گا۔ جہاں کہیں بھی وہ قابلِ ذکر تعداد میں رہتے ہیں، ان کا کم یا زیادہ تعاقب کیا جاتا ہے۔ ان کی برابری تقریباً ہر جگہ عملاً ان کے خلاف منسوخ کر دی گئی ہے، چاہے قانون میں موجود ہو۔ فوج، سرکاری اور نجی دفاتر میں درمیانے درجے کے عہدے بھی ان کے لیے ناقابلِ رسائی ہیں۔ انہیں کاروبار سے باہر دھکیلنے کی کوشش کی جاتی ہے: "یہودیوں سے مت خریدو!"
قانون ساز مجلسوں، اجتماعات، اخبارات، گرجا گھروں کے منبروں، سڑکوں پر، سفر میں کچھ ہوٹلوں سے اخراج اور یہاں تک کہ تفریحی مقامات پر حملے دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ ممالک اور سماجی حلقوں کے لحاظ سے ظلم وستم کی نوعیت مختلف ہے۔ روس میں یہودی بستیاں جلا دی جاتی ہیں، رومانیہ میں کچھ لوگ مارے جاتے ہیں،

جرمنی میں موقع بہ موقع انہیں پیٹا جاتا ہے، آسٹریا میں یہودی مخالفین پورے عوامی زندگی کو دہشت زدہ کرتے ہیں، الجزائر میں خانہ بدوشوں کے شکار کے واعظ ابھرتے ہیں، پیرس میں نام نہاد بہتر معاشرہ حرکت میں آتا ہے، یہودیوں کے خلاف اڈے بند ہو جاتے ہیں۔ باریکیاں بے شمار ہیں۔ ویسے یہاں تمام یہودی شکایات کی کوئی رنجیدہ نالش پیش کرنے کی کوشش نہیں کی جائے گی۔ ہم انفرادی تفصیلات پر نہیں رکیں گے چاہے وہ کتنی ہی تکلیف دہ کیوں نہ ہوں۔

میں یہودیوں سے پوچھتا ہوں: کیا یہ سچ ہے کہ جہاں ہم کافی تعداد میں رہتے ہیں، وہاں یہودی وکلاء، اطباء، تکنیکی ماہرین، اساتذہ اور ہر قسم کے ملازمین کی حالت دن بہ دن ناقابلِ برداشت ہوتی جا رہی ہے؟ کیا یہ سچ ہے کہ ہمارا پورا یہودی متوسط طبقہ سنگین خطرے سے دوچار ہے؟ کیا یہ سچ ہے کہ ہمارے امیروں کے خلاف ہجوم کے تمام جذبات بھڑکائے جاتے ہیں؟ کیا

یہ سچ ہے کہ "ہمارے غریب" ہر دوسرے پرولتاریہ سے کہیں زیادہ سخت مصائب جھیلتے ہیں؟
میرا خیال ہے کہ دباؤ ہر جگہ موجود ہے۔ یہودیوں کی معاشرتی سطحوں میں، اعلیٰ طبقے میں یہ بے چینی پیدا کرتا ہے۔ درمیانے طبقے میں یہ گہری، مبہم گھبراہٹ کا باعث ہے۔ نچلے طبقے میں یہ کھلی ہوئی مایوسی کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔
اصلیت یہ ہے کہ ہر جگہ بات ایک ہی نتیجے پر منتج ہوتی ہے، اور اسے برلن کے کلاسیکی نعرے میں سمویا جا سکتا ہے: "یہودی باہر!"
اب میں یہودی سوال کو انتہائی مختصر شکل میں پیش کرتا ہوں: کیا ہمیں پہلے ہی "باہر نکلنا" چاہیے؟ اور کہاں؟ یا کیا ہم ابھی رک سکتے ہیں؟ اور کب تک؟ پہلے رکنے کے سوال کو نمٹاتے ہیں۔ کیا ہم بہتر اوقات کی امید کر سکتے ہیں، صبر سے کام لیں، خدا پر بھروسہ رکھیں کہ زمین کے حکمران اور قومیں ہمارے لیے زیادہ مہربان مزاج

ہو جائیں؟ میں کہتا ہوں: ہم رجحان کا کوئی بدلاؤ نہیں دیکھ سکتے۔ کیوں؟ حکمران چاہے ہم ان کے دل کے اتنے ہی قریب ہوں جتنا دوسرے شہری ہماری حفاظت نہیں کر سکتے۔ وہ یہودیوں سے نفرت کرنے لگیں گے اگر یہودیوں پر زیادہ مہربانی دکھائیں۔ اور اس "زیادہ" سے مراد وہ بھی نہیں جو ہر عام شہری یا قبیلے کا حق ہے۔ قومیں جہاں یہودی رہتے ہیں، سب کے سب شرمندہ یا بے شرم یہودی مخالف ہیں۔

عام لوگ تاریخی فہم نہیں رکھتے، اور رکھ بھی نہیں سکتے۔ وہ نہیں جانتے کہ قرونِ وسطیٰ کے جرائم اب یورپی اقوام پر پلٹ کر آرہے ہیں۔ ہم وہی ہیں، جو ہمیں گھیٹو میں بنا دیا گیا تھا۔ ہمیں مالی معاملات میں بلاشبہ ایک برتری حاصل ہو گئی ہے، کیونکہ قرونِ وسطیٰ میں ہمیں اسی طرف دھکیل دیا گیا تھا۔ اب وہی عمل دہرایا جا رہا ہے۔ ہمیں دوبارہ مالی معاملات، جو اب "بورس" کہلاتے ہیں، کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، جب کہ ہمیں

تمام دیگر ذرائعِ معاش سے محروم کیا جا رہا ہے۔ مگر جب ہم بورس میں ہوتے ہیں، تو یہی ہماری نئی حقارت کا سبب بن جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہم مسلسل ایسی درمیانی ذہانتیں پیدا کر رہے ہیں جن کے لیے کوئی راستہ نہیں ہوتا، اور یوں وہ سماج کے لیے اتنا ہی خطرہ بن جاتی ہیں جتنا کہ نمو پا رہا سرمایہ۔ تعلیم یافتہ اور بے مایہ یہودی اب سب کے سب اشتراکیت کی طرف جا رہے ہیں۔ اس لیے سماجی معرکہ ویسے بھی ہماری ہی پیٹھ پر لڑا جانا ہے، کیونکہ ہم سرمایہ دارانہ اور اشتراکی دونوں میدانوں میں سب سے نمایاں مقام پر کھڑے ہیں۔

اب تک کے حل کی کوششیں

اس طرح حل صرف ملتوی ہوتا ہے، التوا میں پڑتا ہے اور شاید مزید مشکل بھی ہو جاتا ہے۔ اصلاحِ اخلاق کے ذریعے؟ جب تک سب لوگ ایک ساتھ اخلاقی نہ بن جائیں جو کبھی نہیں ہوگا یہ ناممکن ہے۔ پھر تو ان لوگوں

پر اثر انداز ہونا چاہیے جو سب سے زیادہ متاثر کرتے ہیں۔ لیکن یہودی مخالفین یہی تو نہیں چاہتے۔ ان کا تو خیال ہے کہ ہم خود اپنی اصلاح کریں۔ کون سا گروہ اپنے مخالفین کی خاطر اپنی فطرت بدل سکتا ہے؟

ہمیں اپنے آپ کو جس طرح چاہیں بننے کی آزادی ہے۔ ہم صرف اتنا ہی "برے" ہیں جتنا دوسرے انسان، اور مجموعی طور پر ہم ان لوگوں سے بدتر نہیں جو ہمارے خلاف بغض رکھتے ہیں۔ پھر بھی ہماری حالت دوسروں سے بدتر ہے۔ غیر یہودیوں کے درمیان رہتے ہوئے ہم خود کو محفوظ نہیں بنا سکتے۔ ہزار سال کی مصیبتوں نے ہمیں یہ سکھایا ہے۔

مگر جو یہودیوں کو کسان بنانا چاہتا ہے، وہ حیرت انگیز غلط فہمی کا شکار ہے۔ کیونکہ کسان ایک تاریخی نوع ہے، اور اس کی پہچان سب سے بہتر اس کے پہناوے سے ہوتی ہے جو زیادہ تر ممالک میں صدیوں پرانا ہے، نیز اس کے اوزاروں سے جو بالکل ویسے ہی

ہیں جیسے پرکھوں کے زمانے میں تھے۔ اس کا ہل اب بھی ویسا ہی ہے، وہ اپنے تہبند سے بیج بوتا ہے، تاریخی درانتی سے کاٹتا ہے اور فلائی سے گاہتا ہے۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ اب ان سب کے لیے مشینیں موجود ہیں۔ زرعی مسئلہ بھی محض مشینوں کا مسئلہ ہے۔ امریکا یورپ پر فتح پائے گا جیسے بڑی زمینی ملکیت چھوٹی کو ختم کر دیتی ہے۔ لہٰذا کسان معدوم ہونے والی شکل ہے۔ اگر کسان کو مصنوعی طور پر محفوظ کیا جاتا ہے، تو یہ سیاسی مفادات کی خاطر ہوتا ہے جن کی اسے خدمت کرنی ہوتی ہے۔ نئے کسان پرانے نسخے کے مطابق بنانا ایک ناممکن اور احمقانہ آغاز ہے۔ کوئی اتنا امیر یا طاقتور نہیں کہ ثقافت کو زبردستی پیچھے موڑ سکے۔ پرانی ثقافتی حالتوں کو برقرار رکھنا ہی ایک بھاری کام ہے. جس کے لیے آمرانہ ریاست کے تمام وسائل بھی بمشکل کافی ہوتے ہیں۔ کیا پھر ذہین یہودی سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ پرانے ڈھنگ کا کسان بنے؟ یہ بالکل ایسا ہو گا جیسے

یہودی سے کہا جائے : "لو یہ کمان، جنگ میں جاؤ!" کیا؟ کمان لے کر، جبکہ دوسروں کے پاس تیز صلاحیت کی رائفلیں اور کروپ کی توپیں ہیں؟ جن یہودیوں کو کسان بنانا چاہتے ہیں، وہ بالکل درست ہیں اگر وہ ایسی صورت حال میں جُنبش سے انکار کر دیں۔ کمان ایک خوبصورت ہتھیار ہے، اور جب وقت ہو تو مجھے افسردہ کر دیتی ہے۔ لیکن اس کا مقام عجائب گھر ہے۔

اب یقیناً ایسے علاقے ہیں جہاں مایوس یہودی کھیتوں میں بھی جاتے ہیں یا جانا چاہتے ہیں۔ اور یہاں ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مقامات جیسے جرمنی کے ہیسن کا انکلیو اور روس کے کچھ صوبے درحقیقت یہود دشمنی کے گڑھ ہیں۔

کیونکہ دنیا کو بہتر بنانے والے جو یہودیوں کو کھیتی باڑی پر لگانا چاہتے ہیں، ایک بہت اہم شخص کو بھول جاتے ہیں جس کا اس معاملے میں بہت کچھ کہنا ہوتا ہے۔ اور وہ ہے کسان۔ کسان بھی بالکل درست ہے۔ زمین کا محصول، فصلوں کے نقصان کا خطرہ، بڑے زمینداروں کا

دباؤ جو سستے میں کام کرتے ہیں، اور خاص طور پر امریکی مقابلہ اس کی زندگی کو کافی مشکل بنا دیتے ہیں۔ اس پر غلوں کے محصولات لاانتناہی نہیں بڑھ سکتے۔ صنعتی کاریگر کو بھی تو بھوکا نہیں مرنے دیا جا سکتا؛ اس کے بڑھتے ہوئے سیاسی اثر کی وجہ سے اس پر مزید توجہ دینا ضروری ہوگیا ہے۔

یہ تمام مشکلات بخوبی معلوم ہیں، اس لیے میں ان کا صرف سرسری ذکر کرتا ہوں۔ میں صرف یہ بتانا چاہتا تھا کہ جان بوجھ کر زیادہ تر معاملات میں قابلِ تعریف نیت سے بھی کی گئی حل کی کوششیں کتنی فضول تھیں۔ نہ تو منتقلی اور نہ ہی ہمارے پرولتاریہ کی ذہنی سطح کو مصنوعی طور پر گرانا مددگار ثابت ہو سکتا۔ انضمام کے معجزاتی حل پر ہم پہلے ہی بحث کر چکے ہیں۔

اس طرح یہود دشمنی پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔ اس کے اسباب دور کیے بغیر اس کا علاج نہیں ہو سکتا۔ مگر کیا ان اسباب کو دور کیا جا سکتا ہے؟

بغضِ یہود کی وجوہات

اب ہم جذباتی وجوہات، پرانے تعصبات اور تنگ نظریوں کی بجائے سیاسی اور اقتصادی وجوہات کی بات کرتے ہیں۔ آج کے بغضِ یہود کو ماضی کے مذہبی یہودی عداوت سے خلط ملط نہیں کرنا چاہیے، چاہے بعض ممالک میں یہ اب بھی فرقہ وارانہ رنگ رکھتی ہو۔ یہود دشمن تحریک کا بنیادی رُخ آج مختلف ہے۔ یہود مخالفت کے مرکزی ممالک میں یہ یہودیوں کی آزادی کا نتیجہ ہے۔ جب مہذب اقوام نے استثنائی قوانین کی غیر انسانی نوعیت کو محسوس کیا اور ہمیں آزاد کیا، تو یہ آزادی بہت دیر سے ملی۔ ہم قانونی طور پر اپنے موجودہ رہائشی علاقوں میں مزید قابلِ آزادی نہیں رہے تھے۔ حیرت انگیز طور پر گھیٹو میں ہم ایک متوسط طبقے کی قوم بن چکے تھے اور باہر نکلتے ہی متوسط طبقے کے لیے ایک خوفناک مقابلے کی صورت میں نمودار ہوئے۔ چنانچہ آزادی کے بعد ہم اچانک سرمایہ دار طبقے کے

حلقے میں آ گئے اور یہاں ہمیں اندرونی اور بیرونی دونوں طرف سے دہرا دباؤ جھیلنا پڑا۔ مسیحی سرمایہ دار طبقہ شاید ہمیں اشتراکیت کے حوالے کرنے کو تیار ہو؛ البتہ اس سے کچھ خاص فائدہ نہ ہوتا۔

مزید برآں، جہاں یہودیوں کو قانونی مساوات حاصل ہے، اسے اب منسوخ نہیں کیا جا سکتا۔ نہ صرف اس لیے کہ یہ جدید شعور کے خلاف ہوگا، بلکہ اس لیے بھی کہ فوری طور پر تمام یہودی، غریب اور امیر، انقلاب پسند جماعتوں کے حامی بن جائیں گے۔ دراصل ہمارے خلاف کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا جا سکتا۔ پہلے لوگ یہودیوں کے جواہرات چھین لیتے تھے۔ آج گردشی زَر کو کیسے پکڑا جا سکتا ہے؟ یہ خُفیہ کاغذات (شیئرز، بانڈز) میں پڑا ہے جو دنیا میں کہیں، شاید عیسائی خزانوں میں بند ہیں۔ البتہ ریلوے، بینکوں، ہر قسم کے صنعتی اداروں کے اسٹاک اور بانڈز پر محصول لگایا جا سکتا ہے، اور جہاں ترقی پسند آمدنی محصول موجود ہے، وہاں گردشی زَر کے

پورے مجموعے کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ مگر ایسی تمام کوششیں صرف یہودیوں کے خلاف ہی نہیں کی جا سکتیں، اور جہاں پھر بھی کوشش کی جائے، فوری طور پر سنگین معاشی بحران آتے ہیں جو صرف متاثرہ یہودیوں تک محدود نہیں رہتے۔ یہودیوں پر قابو پانے کی اس محالیت سے صرف نفرت میں شدت اور کڑواہٹ آتی ہے۔ عوام میں یہود دشمنی روزافزوں ہے، ہر گھنٹے بڑھ رہی ہے، اور مزید بڑھے گی کیونکہ وجوہات موجود ہیں اور دور نہیں کی جا سکتیں۔

بعید وجہ قرونِ وسطیٰ میں ہماری انضمام پذیری کا ضائع ہونا ہے، قریبی وجہ ہمارے درمیانے درجے کے ذہین افراد کی اضافی پیداوار ہے جن کے لیے نہ نیچے کوئی راستہ ہے نہ اوپر کوئی ترقی یعنی نہ کوئی صحت مند اخراج نہ صحت مند ابھار۔ ہم نیچے کی طرف انقلاب پسندوں کے پرولتاریہ میں بدل رہے ہیں، تمام انقلابی جماعتوں کے نچلے عہدے دار بن رہے ہیں، جبکہ اوپر کی جانب

ہماری خوفناک مالی طاقت بڑھ رہی ہے۔

بغضِ یہود کے اثرات

ہمارے خلاف ڈالا گیا دباؤ ہمیں بہتر نہیں بناتا۔ ہم دوسرے لوگوں سے مختلف نہیں۔ ہم اپنے دشمنوں سے محبت نہیں کرتے، یہ بالکل سچ ہے۔ لیکن صرف وہی جو خود پر قابو پا سکتا ہے، ہمیں اس کا الزام دے سکتا ہے۔ دباؤ قدرتی طور پر ہمارے اندر ہمارے ظالموں کے خلاف دشمنی پیدا کرتا ہے اور ہماری دشمنی دوبارہ دباؤ کو بڑھاتی ہے۔

اس چکر سے نکلنا ناممکن ہے۔

"مگر!" نرم دل خیال پرست کہیں گے، "لیکن یہ ممکن ہے! اور وہ بھی انسانی بھلائی کے ذریعے۔"

کیا مجھے واقعی ثابت کرنے کی ضرورت ہے کہ یہ کس قسم کی جذباتی بڑ ہے؟ جو شخص حالات کی بہتری کو تمام انسانوں کی بھلائی سے مشروط کرنا چاہتا ہے، وہ یقیناً ایک افسانہ لکھ رہا ہے!

میں پہلے ہمارے "انضمام" کا ذکر کر چکا ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ میں اس کی خواہش رکھتا ہوں۔ ہماری قومی شناخت تاریخی طور پر بہت مشہور ہے اور تمام ذلتوں کے باوجود بہت بلند ہے کہ اس کا زوال مطلوب ہو۔ لیکن شاید ہم ہر جگہ اپنے گرد بسنے والی قوموں میں بغیر نشان کے گم ہو سکتے، اگر ہمیں صرف دو نسلوں تک چین سے رہنے دیا جاتا۔ مگر ہمیں چین سے نہیں رہنے دیا جائے گا۔ رواداری کے مختصر ادوار کے بعد بار بار ہمارے خلاف دشمنی بیدار ہوتی رہتی ہے۔ ہماری خوشحالی میں کوئی اشتعال انگیز عنصر لگتا ہے، کیونکہ دنیا صدیوں سے ہمیں غریبوں میں سب سے ذلیل سمجھنے کی عادی ہے۔ اس دوران جہالت یا تنگ نظری کی وجہ سے یہ نہیں دیکھا جاتا کہ ہماری خوشحالی ہمیں یہودیوں کے طور پر کمزور کرتی ہے اور ہماری خصوصیات مٹا دیتی ہے۔ صرف دباؤ ہمیں پھر سے قدیم تنے سے چمٹاتا ہے، صرف ہمارے ماحول کی نفرت ہمیں پھر سے

اجنبی بنا دیتی ہے۔ اس طرح ہم چاہیں یا نہ چاہیں، ایک تاریخی گروہ بن کر رہ جاتے ہیں جس کی باہمی وابستگی واضح ہے۔

ہم ایک قوم ہیں دشمن ہمیں ہماری مرضی کے بغیر یہ بناتا ہے، جیسا کہ تاریخ میں ہمیشہ ہوتا آیا ہے۔ مصیبت میں ہم اکٹھے کھڑے ہوتے ہیں، اور تب ہم اچانک اپنی طاقت دریافت کرتے ہیں۔ ہاں، ہمارے پاس طاقت ہے کہ ایک ریاست، بلکہ ایک مثالی ریاست تعمیر کر سکیں۔ ہمارے پاس اس کے لیے تمام انسانی اور مادی وسائل موجود ہیں۔

یہاں دراصل "انسانی مواد" (جیسے کچھ کچرا اصطلاح ہے) کے بارے میں بات کرنے کی جگہ ہے۔ مگر پہلے منصوبے کے اہم خدوخال واضح ہونے چاہئیں جن پر ہر چیز کو پرکھا جائے گا۔

منصوبہ

پورا منصوبہ اپنی بنیادی شکل میں انتہائی سادہ ہے، اور

ہونا بھی چاہیے، تاکہ ہر انسان اسے سمجھ سکے۔
ہمیں زمین کی سطح کا ایک ٹکڑا دیا جائے جو ہماری قوم کی جائز ضروریات کے لیے کافی ہو، باقی سب کچھ ہم خود سنبھال لیں گے۔
ایک نئی خودمختاری کا قیام نہ تو مضحکہ خیز ہے نہ ناممکن۔ ہم نے تو اپنے زمانے میں اس کا مشاہدہ کیا ہے، ان قوموں میں جو ہماری طرح درمیانے طبقے کی قومیں نہیں، بلکہ زیادہ غریب، غیر تعلیم یافتہ اور اس لیے کمزور قومیں ہیں۔ ہمیں خودمختاری دلوانے میں یہود دشمنی سے متاثرہ ممالک کی حکومتیں شدید دلچسپی رکھتی ہیں۔
اس بنیادی طور پر سادہ مگر عملی نفاذ میں پیچیدہ کام کے لیے دو بڑے ادارے قائم کیے جائیں گے: یہودی سماج اور یہودی انجمن۔
جو کچھ یہودی سماج نے علمی اور سیاسی طور پر تیار کیا ہوگا، یہودی انجمن عملی طور پر نافذ کرے گی۔

یہودی انجمن کوچ کرنے والے یہودیوں کے تمام مالی مفادات کی تصفیہ کاری سنبھالے گی اور نئے ملک میں معاشی نظام کو منظم کرے گی۔

جیسا پہلے کہا گیا، یہودی انخلا کو فوری عمل کے طور پر نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ بتدریج ہوگا اور دہائیوں پر محیط ہوگا۔ پہلے غریب ترین لوگ جائیں گے اور زمین کو قابلِ کاشت بنائیں گے۔ وہ پہلے سے طے شدہ منصوبے کے مطابق سڑکیں، پُل، ریلوے بنائیں گے، ٹیلی گراف قائم کریں گے، دریاؤں کو منظم کریں گے اور اپنے لیے رہائشی مقامات تعمیر کریں گے۔ ان کا کام نقل و حمل کو جنم دے گا، نقل و حمل بازاروں کو، اور بازار نئے آبادکاروں کو راغب کریں گے۔ کیونکہ ہر شخص رضاکارانہ، اپنے خرچ اور خطرے پر آئے گا۔ جو محنت ہم زمین میں ڈالیں گے، وہ ملک کی قیمت بڑھائے گی۔ یہودی جلد ہی سمجھ جائیں گے کہ ان کی اس کاروباری جستجو جس سے پہلے نفرت اور حقارت

کی جاتی تھی، اب ایک نئے پائیدار دائرہ کار تک پھیل گئی ہے۔

آج اگر کوئی ریاست بنانا چاہے، تو اسے ہزار سال پہلے کے واحد ممکن طریقے پر نہیں چلنا چاہیے۔ پرانی ثقافتی سطحوں پر واپس جانا حماقت ہے، جیسا کہ کچھ صیہونی چاہتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ہم جنگلی جانوروں سے زمین صاف کرنے کی حیثیت میں آئیں، تو ہم پانچویں صدی کے یورپیوں جیسا برتاؤ نہیں کریں گے۔ ہم انفرادی طور پر نیزے اور برچھی لے کر ریچھوں کا شکار نہیں کریں گے، بلکہ ایک بڑا، خوشگوار شکار کا اہتمام کریں گے، درندوں کو اکٹھا کریں گے اور ان کے نیچے بارودی بم پھینکیں گے۔

اگر ہم عمارتیں تعمیر کرنا چاہیں، تو ہم کسی جھیل کے کنارے کمزور لکڑی کے ڈنڈے نہیں گاڑیں گے، بلکہ جیسے آج کل بنایا جاتا ہے ویسے ہی بنائیں گے۔ ہم پہلے سے زیادہ جانفشانی اور شان سے تعمیر کریں گے۔

کیونکہ ہمارے پاس وہ ذرائع ہیں جو تاریخ میں پہلے کبھی موجود نہیں تھے۔

ہمارے پسماندہ معاشی طبقات کے پیچھے بتدریج اگلے بہتر طبقات منتقل ہوں گے۔ جو اب مایوس ہیں، وہ پہلے جائیں گے۔ ان کی قیادت ہمارے ہر جگہ ستائی جانے والی درمیانے درجے کی ذہانت کرے گی جس کی ہم اضافی پیداوار دے رہے ہیں۔

ہجرتِ یہود کا مسئلہ اس تحریر کے ذریعے عمومی بحث کے لیے پیش کیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی انتخاباتی عمل شروع کیا جائے۔ ایسا کرنا ابتدا ہی سے معاملے کو تباہ کر دینا ہوگا۔ جو نہیں چاہتے، وہ رہ سکتے ہیں۔ انفرادی افراد کی مخالفت غیر اہم ہے۔

جو ساتھ چلنا چاہے، ہمارے جھنڈے کے نیچے کھڑا ہو اور الفاظ، تحریر اور عمل سے اس کے لیے لڑے۔

جو یہودی ہماری ریاستی نظریے کا اعلانیہ حامی ہو، وہ یہودی سماج کے گرد جمع ہو۔ اس طرح سماج حکومتوں

کے سامنے یہودیوں کی نمائندگی اور مذاکرات کا مختار بن جائے گا۔ بین الاقوامی قانون کی اصطلاح میں کہیں تو سماج کو ریاست ساز طاقت کے طور پر تسلیم کیا جائے گا اور اسی سے ریاست وجود میں آجائے گی۔

اب اگر قوتیں یہودی قوم کو ایک غیر جانبدار علاقے کی خودمختاری دینے کو تیار ہوں، تو معاشرہ منتخب شدہ زمین کے بارے میں مذاکرات کرے گا۔ دو خطے زیرِ غور ہوں گے "فلسطین اور ارجنٹائن"۔ ان دونوں مقامات پر قابلِ ذکر نوآبادکاری کی کوششیں ہو چکی ہیں۔ البتہ یہودیوں کے بتدریج نفوذ کے غلط اصول پر۔ نفوذ کا انجام ہمیشہ برا ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسا وقت آتا ہے جب متاثرہ آبادی کے دباؤ پر حکومت مزید یہودیوں کے داخلے کو روک دیتی ہے۔ لہٰذا ہجرت تب ہی معنی رکھتی ہے جب اس کی بنیاد ہماری مستحکم خودمختاری ہو۔

انجمنِ یہود موجودہ حکومتوں سے مذاکرات کرے گی، اور وہ بھی یورپی طاقتوں کے تحفظ میں، اگر وہ معاملے کو

سمجھیں۔ ہم موجودہ حکومت کو زبردست فوائد دے سکتے ہیں، اس کا کچھ قومی قرضہ اٹھا سکتے ہیں، ایسے راستے بنا سکتے ہیں جن کی ہمیں خود ضرورت ہے، اور بہت کچھ۔ البتہ یہودی ریاست کے قیام سے ہی پڑوسی ممالک فائدہ اٹھائیں گے، کیونکہ چھوٹے ہو یا بڑے پیمانے پر، کسی خطے کی ثقافت اردگرد کے علاقوں کی قدر بڑھا دیتی ہے۔

فِلسطِین یا ارجنٹائن؟

فِلسطِین کو ترجیح دی جائے یا ارجنٹائن کو؟ انجمن وہی لے گی جو اس کو دیا جائے اور جس کے لیے یہودی قوم کی عوامی رائے اظہار کرے۔ انجمن دونوں کا جائزہ لے گی۔

ارجنٹائن زمین کے قدرتی طور پر سب سے مالدار ممالک میں سے ایک ہے، وسیع رقبے پر پھیلا ہوا، کم آبادی والا اور معتدل آب و ہوا رکھنے والا۔ ارجنٹائن جمہوریہ کو اپنا کچھ علاقہ ہمیں دینے میں زبردست دلچسپی ہوگی۔ موجودہ

یہودی نفوذ نے وہاں ناراضگی پیدا کی ہے؛ ارجنٹائن کو نئی یہودی ہجرت کے بنیادی طور پر مختلف ہونے سے آگاہ کرنا ہوگا۔ فِلسطِین ہمارا ناقابلِ فراموش تاریخی وطن ہے۔ صرف یہ نام ہی ہماری قوم کے لیے زبردست جوش انگیز نعرہ ہوگا۔ اگر سلطانِ مُعظم ان کا اقبال بُلند رہے ہمیں فِلسطِین دے دیں، تو ہم اس کے بدلے ترکیہ کے مالیات کو مکمل طور پر منظم کرنے کا عہد کرسکتے ہیں۔

یورپ کے لیے ہم وہاں ایشیا کے خلاف ایک دیوار کا حصہ بنیں گے، ہم تہذیب کی آڑ میں بربریت کے خلاف چوکیداری کریں گے۔ ہم ایک غیر جانبدار ریاست کے طور پر پورے یورپ سے جڑے رہیں گے، جسے ہمارے وجود کی ضمانت دینی ہوگی۔ عیسائیت کے مقدس مقامات کے لیے بین الاقوامی قانون کی رو سے غیر ملکی علاقہ قرار دینے کی صورت نکالی جاسکتی ہے۔ ہم مقدس مقامات کے گرد اعزازی تحفظ

بہادر لوگوں کو فطری طور پر نئی دنیا کی بہترین چیزیں ملیں گی۔ اب ظاہر یہ ہوتا ہے کہ گویا منصوبے کی سب سے بڑی مشکل یہی ہے۔ چاہے ہم یہودی مسئلہ کو دنیا کی سنجیدہ بحث میں پیش کرنے میں کامیاب ہو جائیں، چاہے اس بحث سے یہ بالکل واضح ہو جائے کہ یہودی ریاست دنیا کی ضرورت ہے، چاہے ہم طاقتوں کی حمایت سے کسی علاقے کی خودمختاری حاصل کر لیں: پھر بھی ہم یہودی عوام کو زبردستی کیے بغیر ان کے موجودہ رہائشی مقامات سے اس نئے ملک میں کیسے لائیں گے؟ آخر ہجرت کو ہمیشہ آزادانہ سوچا گیا ہے؟

عوامی کیفیت

تحریک کا مشکل آغاز شاید ضروری نہ ہو۔ یہودی دشمن یہ کام ہمارے لیے پہلے ہی کر رہے ہیں۔ انہیں صرف اتنا کرنا ہے جتنا اب تک کرتے آئے ہیں، اور یہودیوں

یہودیوں میں ہجرت کی خواہش جاگ اٹھے گی جہاں اب نہیں ہے، اور مضبوط ہو جائے گی جہاں پہلے سے موجود ہے۔ اگر یہودی اب یہودی دشمن ممالک میں رہ رہے ہیں، تو اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ تاریخ سے ناواقف لوگ بھی جانتے ہیں کہ صدیوں میں متعدد بار جگہ بدلنے سے ہمارا مستقل فائدہ نہیں ہوا۔ اگر آج کوئی ملک ہوتا جو یہودیوں کو خوش آمدید کہتا اور انہیں وہ فوائد دیتا جو یہودی ریاست کے قیام کے بعد ملنے والے فوائد سے بہت کم ہوتے، تو فوری طور پر یہودیوں کی ایک بڑی تعداد وہاں کھنچی چلی جاتی۔ غریب ترین، جن کے پاس کھونے کے لیے کچھ نہیں، وہ گھسٹتے ہوئے وہاں پہنچ جاتے۔ لیکن میں دعویٰ کرتا ہوں، اور ہر شخص اپنے دل میں جان سکتا ہے کہ یہ سچ ہے، کہ ہمارے اوپر پڑنے والے دباؤ کی وجہ سے ہمارے خوشحال طبقوں میں بھی ہجرت کی خواہش موجود ہے۔ غریب ترین لوگ ریاست کی بنیاد رکھنے کے لیے کافی ہوتے، بلکہ وہ زمین

پر قبضے کے لیے سب سے زیادہ اہل لوگ ہوتے ہیں، کیونکہ بڑے کاروبار کے لیے انسان کے اندر تھوڑی سی مایوسی ضرور ہونی چاہیے۔ لیکن جب ہمارے مایوس لوگ اپنی موجودگی، اپنے کام سے زمین کی قیمت بڑھاتے ہیں، تو وہ آہستہ آہستہ زیادہ دولت مندوں کے لیے بھی کشش پیدا کر دیتے ہیں کہ وہ بھی پیچھے چلیں۔

اعلیٰ طبقے بھی ہجرت میں دلچسپی لینے لگیں گے۔ پہلے غریب ترین لوگوں کی ہجرت کی قیادت سماج اور انجمن مل کر کریں گے اور اس میں پہلے سے موجود ہجرت اور صیہونی تنظیموں کی حمایت بھی ملے گی۔

بغیر حکم کے عوام کو ایک مقام کی طرف کیسے موڑا جائے؟

کچھ بڑے یہودی خیرات کرنے والے ہیں جو صیہونی تجربات کے ذریعے یہودیوں کے دکھ کم کرنا چاہتے ہیں۔ ایسے خیراتی لوگوں کو اس سوال پر غور کرنا پڑا، اور

انہوں نے سمجھا کہ اگر مہاجروں کو پیسے یا کام کا سامان دے دیا جائے تو مسئلہ حل ہو جائے گا۔ خیراتی شخص کہتا تھا: "میں لوگوں کو مال دیتا ہوں تاکہ وہ وہاں جائیں۔" یہ بنیادی طور پر غلط ہے اور دنیا کا سارا مال لگا کر بھی حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

انجمن اس کے بر عکس کہے گی: "ہم انہیں مال نہیں دیں گے، ہم ان سے مال لیں گے۔ صرف ہم ان کے سامنے کچھ پیش کریں گے۔"

میں اسے ایک مزاحیہ مثال سے واضح کرنا چاہتا ہوں۔ ان خیراتی حضرات میں سے ایک، جسے ہم بیرون کہیں گے، اور میں پیرسؔ کے قریب لونگ شیمپ کے میدان میں ایک گرم دوپہر کو لوگوں کا ہجوم چاہتا ہوں۔ بایرونؔ اگر ہر ایک کو دس فرانک دینے کا وعدہ کرے، تو دولاکھ فرانک میں بیس ہزار پسینہ پسینہ، ناخوش لوگ لے آئے گا جو اسے گالیاں دیں گے کہ اس نے ان پر یہ مصیبت ڈالی۔

مَیں اس کے بر عکس یہ دولاکھ فرانک تیز ترین گھوڑے کے انعام کے لیے رکھوں گا اور پھر لوگوں کو لونگ شیمپ کی باڑوں سے روکوں گا۔ جو اندر آنا چاہے، ادا کرے: ایک فرانک، پانچ فرانک، بیس فرانک۔

نتیجہ یہ ہوگا کہ میں پانچ لاکھ لوگ وہاں لے آؤں گا، جمہوریہ کا صدر بلیڈومونٹ گاڑی چلائے گا، ہجوم خود لطف اندوز ہوگا اور خوش ہوگا۔ زیادہ تر کے لیے دھوپ اور دھول کے باوجود کھلی ہوا میں یہ ایک خوش کن حرکت ہوگی، اور میں نے دولاکھ فرانک کے بدلے دس لاکھ فرانک داخلے فیس اور جوئے کے محصول میں وصول کیے۔ میں جب چاہوں وہی لوگ دوبارہ وہاں ہوں گے؛ بیرون نہیں بیرون کسی قیمت پر نہیں۔

میں عوامی کیفیت کو فوراً ہی روٹی کی تلاش میں زیادہ سنجیدگی سے دکھانا چاہتا ہوں۔ کسی شہر کی گلیوں میں اعلان کرنے دیجیے: "جو شخص ہر طرف سے کھلے لوہے کے خیمے میں سردیوں میں سخت ٹھنڈ میں، گرمیوں میں تپتی گرمی میں

سارا دن کھڑا رہے، ہر گزرنے والے کو مخاطب کرے اور اسے پرانا سامان یا مچھلی یا پھل پیش کرے، اسے دو یا چار فرانک یا جو چاہے ملے گا۔"

کتنے لوگ شاید وہاں آئیں گے؟ اگر بھوک انہیں دھکیلے، تو کتنے دن برداشت کریں گے؟ اگر برداشت کر لیں، تو کس جوش سے گزرنے والوں کو پھل، مچھلی یا پرانا سامان خریدنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کریں گے؟

ہم اسے مختلف طریقے سے کریں گے۔ ان مقامات پر جہاں بڑی آمدورفت ہو، اور یہ مقامات ہم آسانی سے تلاش کر سکتے ہیں کیونکہ ہم خود آمدورفت کو جہاں چاہیں موڑ سکتے ہیں، ان مقامات پر ہم وسیع خیمے بنائیں گے اور انہیں کہیں گے: بازار۔ ہم خیموں کو ان سے بدتر، صحت کے لیے نقصان دہ بنا سکتے تھے، پھر بھی لوگ ہماری طرف دوڑتے۔ لیکن ہم انہیں خوبصورت اور بہتر، اپنی پوری خیر خواہی سے بنائیں گے۔ اور یہ لوگ، جن سے ہم نے کچھ وعدہ نہیں کیا، کیونکہ ہم بغیر دھوکے

کے ان سے کچھ وعدہ نہیں کر سکتے، یہ دیانت دار، کاروباری لوگ مذاق کرتے ہوئے زندہ بازار کی آمدورفت پیدا کریں گے۔ وہ خریداروں کو بلا تھکے گے، وہ اپنے پیروں پر کھڑے رہیں گے اور تھکن بمشکل محسوس کریں گے۔ وہ نہ صرف ہر روز پہلے آنے کے لیے دوڑیں گے، بلکہ اتحادی گروہ، گٹھ جوڑ، ہر ممکن بندھن بنائیں گے، تاکہ یہ روزگار کی زندگی بغیر رکاوٹ کے چل سکے۔ اور اگرچہ شام کو یہ ظاہر ہو کہ انہوں نے ساری دیانت دارانہ محنت سے صرف ڈیڑھ مارک یا تین فرانک یا جو چاہیں کمائے ہیں، پھر بھی وہ اگلے دن کی امید سے دیکھیں گے جو شاید بہتر ہو گا۔

ہم نے انہیں امید بخشی ہے۔

کیا کوئی جاننا چاہتا ہے کہ ہم بازاروں کے لیے درکار ضروریات کہاں سے لائیں گے؟ کیا واقعی اب بھی یہ کہنا پڑے گا؟

میں نے پہلے دکھایا تھا کہ "کام کے ذریعے مدد" سے

پندرہ گنا آمدنی پیدا ہوتی ہے۔ دس لاکھ سے ڈیڑھ کروڑ، ارب سے پندرہ ارب۔

ہاں، کیا بڑے پیمانے پر بھی یہ چھوٹے پیمانے کی طرح درست ہے؟ کیا سرمائے کی آمدنی بلندی پر گھٹتی ہوئی ترقی رکھتی ہے؟ ہاں، سوئے ہوئے، بزدلی سے چھپے سرمائے کی، نہ کہ کام کرنے والے کی۔ کام کرنے والے سرمائے کی تو بلندی پر ہولناک حد تک بڑھتی ہوئی آمدنی ہوتی ہے۔ یہی تو سماجی مسئلہ ہے۔

کیا جو میں کہتا ہوں درست ہے؟ میں اس کے لیے امیر ترین یہودیوں کو گواہ بنا رہا ہوں۔ یہ لوگ اتنی مختلف صنعتوں میں کیوں مصروف ہیں؟ کیوں لوگوں کو زمین کے نیچے بھیجتے ہیں تاکہ بھوکے معاوضے پر خوفناک خطرات میں کوئلہ نکالیں؟ میں اسے نہ تو اپنے لیے خوشگوار سمجھتا ہوں، نہ کان کے مالکوں کے لیے۔ میں سرمایہ داروں کی بے دردی پر یقین نہیں رکھتا اور ایسا نہیں دکھا رہا کہ گویا میں یقین رکھتا ہوں۔ میں ہیجانی

کیفیت پیدا نہیں کرنا چاہتا بلکہ صلح کروانا چاہتا ہوں۔
کیا مجھے عوام کی کیفیت اور انہیں من مانی جگہوں کی طرف کھینچنے کا طریقہ مذہبی زیارتی سفروں سے بھی بیان کرنا پڑے گا؟
میں نہیں چاہتا کہ کسی کی مقدس جذبات کو ایسے الفاظ سے مجروح کروں جن کی غلط تعبیر ہو سکتی ہے۔
صرف مختصراً اشارہ کرتا ہوں کہ اسلامی دنیا میں مکہؐ کی طرف حاجیوں کا سفر کیا ہے، کیتھولک دنیا میں لوردزاور بے شمار دوسرے مقامات کہاں ہیں جہاں سے لوگ اپنے ایمان سے تسلی پا کر واپس آتے ہیں، اور ٹرائرؔ میں "مقدس چوغہ"۔ اسی طرح ہم بھی اپنے لوگوں کی گہری ایمانی ضروریات کے لیے منزل کے مقامات قائم کریں گے۔ ہمارے روحانی پیشوا ہی پہلے ہماری بات سمجھیں گے اور ہمارے ساتھ چلیں گے۔
ہم وہاں ہر شخص کو اس کی اپنی راہ پر رہنے دیں گے۔
خاص کر ہمارے پیارے آزاد خیال، ہماری لازوال

فوج جو انسانیت کے لیے ہمیشہ نئے علاقے فتح کرتی ہے۔
کسی پر بھی کوئی جبر نہیں ڈالا جائے گا سوائے ریاست اور نظم کو قائم رکھنے کے لیے ضروری جبر کے۔ اور یہ ضروری جبر کسی ایک یا چند افراد کی من مانی سے تبدیل نہیں ہوگا، بلکہ مقدس قوانین میں مضمر ہوگا۔ اگر اب میرے چنے ہوئے مثالوں سے یہ نتیجہ نکالا جائے کہ عوام کو صرف عارضی طور پر ایمان، روزگار یا تفریح کے ان مقامات کی طرف کھینچا جا سکتا ہے، تو اس اعتراض کا رد سادہ ہے۔ ایسا کوئی مقام صرف عوام کو اپنی طرف متوجہ کر سکتا ہے۔ یہ تمام کشش کے مراکز مل کر انہیں مضبوطی سے تھامے رکھنے اور پائیدار تسکین دینے کے لیے موزوں ہیں۔ کیونکہ یہ کشش کے مراکز مل کر ایک عظیم وحدت بناتے ہیں، ایک دیرینہ مطلوب چیز جس کی خواہش ہماری قوم نے کبھی ترک نہیں کی؛ جس کے لیے وہ قائم رہی، جس کے لیے دباؤ کے تحت

اسے قائم رکھا گیا : آزاد وطن ! جب تحریک شروع ہو گی تو ہم کچھ کو پیچھے کھینچیں گے ، کچھ ہمارے پیچھے بہہ آئیں گے ، کچھ بہہ کر آ جائیں گے ، اور کچھ کو ہماری طرف دھکیلا جائے گا۔

یہ جو ہچکچاتے ہوئے دیر سے آنے والے ہیں، وہ دونوں جانب بدترین حالت میں ہوں گے۔

پر پہلے لوگ، جو ایماندار، پرجوش اور بہادر ہو کر منتقل ہوں گے ، انہیں بہترین مقامات ملیں گے۔

ہمارے انسانی وسائل

کسی قوم کے بارے میں یہودیوں جتنے غلط تصورات نہیں پھیلے اور ہم اپنے تاریخی مصائب سے اتنا دبے اور مایوس ہوئے ہیں کہ خود ان غلطیوں کو دہراتے اور مانتے ہیں۔ ان میں سے ایک جھوٹا دعویٰ یہودیوں کا بے پناہ تجارتی رجحان ہے۔ حالانکہ معلوم ہے کہ جہاں ہم ابھرتی ہوئی طبقاتی تحریک میں شامل ہو سکتے ہیں، وہاں ہم تجارت سے جلدی دور ہو جاتے ہیں۔ زیادہ تر

یہودی تاجر اپنے بیٹوں کو پڑھاتے ہیں۔ اسی سے تو تمام تعلیم یافتہ پیشوں کی "یہودیت" کہلانے والی صورت حال آئی ہے۔ مگر معاشی طور پر کمزور طبقوں میں بھی ہمارا تجارتی رجحان ہرگز اتنا نہیں جتنا سمجھا جاتا ہے۔ مشرقی یورپ کے ممالک میں یہودیوں کی بڑی تعداد ایسی ہے جو تجارت نہیں کرتی اور سخت محنت سے نہیں گھبراتی۔ یہودیوں کا سماج ہماری انسانی قوتوں کی علمی درستگی سے مکمل صحیح شماریات تیار کرنے کے قابل ہوگا۔ نئے ملک میں ہمارے لوگوں کے سامنے نئے کام اور امکانات موجودہ دستکاروں کو مطمئن کریں گے اور موجودہ چھوٹے تاجروں کو مزدور بنا دیں گے۔

ایک پھیری لگانے والا جو بھاری بوجھ لیے دیہاتوں میں پھرتا ہے، اپنے پیچھا کرنے والوں کے خیال کے برعکس خوش نہیں ہوتا۔ سات گھنٹے کے کام کے دن کے ساتھ ان تمام لوگوں کو مزدور بنایا جا سکتا ہے۔ یہ

بہت فرض شناس، ناسمجھے ہوئے لوگ ہیں اور شاید اب
سب سے زیادہ مصیبت میں ہیں۔ ویسے یہودی سماج
شروع سے ہی ان کی مزدوروں کی حیثیت سے تربیت
پر توجہ دے گا۔ کمائی کی خواہش کو صحت مند طریقے سے
ابھارا جائے گا۔ یہودی کفایت شعار، ہوشیار اور مضبوط
خاندانی جذبے سے بھرپور ہوتا ہے۔ ایسے لوگ ہر کمائی
کے کام کے لیے موزوں ہیں، اور چھوٹی تجارت کو
ناقص بنانا کافی ہوگا تاکہ موجودہ پھیری لگانے والوں کو
بھی اس سے روکا جا سکے۔ اس کے لیے مثال کے طور
پر بڑے جامع تجارتی مراکز کی حوصلہ افزائی مددگار ہوگی
جہاں سب کچھ ملتا ہے۔ یہ جامع خریداری کے مراکز اب
بڑے شہروں میں چھوٹی تجارت کو دبا رہے ہیں۔ نئی
تہذیب میں وہ اس کے وجود میں آنے کو روکیں گے۔
ان کا انتظام بیک وقت یہ فائدہ دے گا کہ ملک اعلیٰ
ضروریات والے لوگوں کے لیے فوری رہنے کے
قابل ہو جائے گا۔

چھوٹی عادتیں

کیا اس تحریر کی سنجیدگی کے مناسبت ہے کہ میں روزمرہ کی چھوٹی عادتوں اور آسانیوں کا ذکر کروں، چاہے سرسری طور پر؟

میں سمجھتا ہوں ہاں! بلکہ یہ بہت ضروری ہے۔ کیونکہ یہ چھوٹی عادتیں ہزار دھاگوں کی مانند ہیں جن میں سے ہر ایک پتلا اور کمزور ہے مگر مل کر نہ ٹوٹنے والی رسی بن جاتی ہیں۔

اس پہلو پر بھی محدود سوچ سے آزاد ہونا چاہیے۔ جس نے دنیا دیکھی ہے وہ جانتا ہے کہ چھوٹی روزمرہ عادتیں ہی آسانی سے ہر جگہ منتقل ہوتی ہیں۔ ہاں، ہمارے دور کی تکنیکی کامیابیاں جنہیں یہ منصوبہ انسانیت کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے، اب تک زیادہ تر چھوٹی عادتوں کے لیے ہی استعمال ہوئی ہیں۔ مصر اور سوئٹزرلینڈ کی پہاڑی چوٹیوں پر انگریزی مہمان خانے ہیں، جنوبی افریقہ میں ویینی قہوہ خانے ہیں، روس

میں فرانسیسی تماشا گھر ہیں، امریکاؔ میں جرمن گانے بجانے کے اڈے ہیں اور پیرسؔ میں عمدہ باویریائی شراب ہے۔

اگر ہم پھر مصرؔ سے کوچ کریں گے تو گوشت کے برتن نہیں بھولیں گے۔

ہر مقامی گروہ میں ہر شخص اپنی چھوٹی عادتیں پھر پائے گا، بس بہتر، خوبصورت، خوشگوار شکل میں۔

یہودیوں کی انجمن اور یہودی ریاست

بے اجازت کام کرنے کا قانون

یہ تحریر قانونی ماہرین کے لیے نہیں ہے؛ اس لیے میں ریاست کی قانونی بنیاد کے اپنے نظریے کا صرف سرسری ذکر کر سکتا ہوں، جیسے بہت سی دوسری باتیں۔

پھر بھی میں اپنے نئے نظریے پر کچھ زور دینا چاہتا ہوں جو شاید قانونی بحث میں بھی قائم رہ سکے۔

روسوؔ کا آج کی تاریخ میں پہلے ہی پرانا خیال ریاست کی

بنیاد معاشرتی معاہدے پر رکھنا چاہتا تھا۔ روسوؔ کا خیال ہے : "اس معاہدے کی شقیں بات چیت کی فطرت سے اس قدر طے ہیں کہ معمولی سی تبدیلی بھی انہیں باطل اور بے اثر کر دے گی۔ نتیجہ یہ کہ اگرچہ شاید انہیں کبھی صراحتاً نہ بھی بیان کیا گیا ہو، پھر بھی ہر جگہ یکساں، ہر جگہ خاموشی سے تسلیم اور مانا جاتا ہے وغیرہ۔"

روسوؔ کے نظریے کی منطقی اور تاریخی تردید مشکل نہیں تھی اور نہیں ہے، چاہے یہ نظریہ کتنا ہی خوفناک اور زرخیز اثر رکھتا ہو۔ جدید آئینی ریاستوں کے لیے یہ سوال کہ آیا آئین سے پہلے بھی "غیر واضح طور پر بیان شدہ مگر ناقابلِ تبدیل شقوں" والا معاشرتی معاہدہ موجود تھا، عملی دلچسپی کا حامل نہیں۔ اب حکومت اور شہریوں کے درمیان قانونی تعلق ہر صورت طے شدہ ہے۔

مگر آئین کے قیام سے پہلے اور نئی ریاست کے وجود میں آنے کے وقت یہ بنیادی اصول عملی طور پر بھی اہم ہیں۔ کہ نئی ریاستیں اب بھی وجود میں آ سکتی ہیں، ہم

جانتے ہیں، دیکھتے ہیں۔ نوآبادیات ماں وطن سے الگ ہو جاتی ہیں، ماتحت حکمران آقا سے کٹ جاتے ہیں، نئی دریافت شدہ علاقے فوراً آزاد ریاستیں بنا دیے جاتے ہیں۔ یہودی ریاست البتہ مکمل طور پر انوکھی نئی تشکیل کے طور پر ابھی غیر متعین علاقے پر سوچی گئی ہے۔ لیکن ریاست زمین کے پھیلاؤ سے نہیں بلکہ خودمختاری کے ذریعے متحد لوگوں سے بنتی ہے۔

قوم ریاست کی ذاتی بنیاد ہے، زمین اس کی مادی بنیاد۔ اور ان دونوں بنیادوں میں ذاتی بنیاد زیادہ اہم ہے۔ مثال کے طور پر مادی بنیاد کے بغیر خودمختاری موجود ہے، بلکہ وہ زمین کی سب سے عزت والی خودمختاری ہے: وہ ہے پاپائیت کی خودمختاری۔

ریاستی علم میں اس وقت عقلی ضرورت کا نظریہ رائج ہے۔

یہ نظریہ ریاست کے قیام کو جواز دینے کے لیے کافی ہے، اور اس کی تاریخی تردید معاہدے کے نظریے کی

طرح نہیں کی جا سکتی۔ جہاں تک یہودی ریاست کے قیام کا معاملہ ہے، میں اس تحریر میں مکمل طور پر عقلی ضرورت کے نظریے کی بنیاد پر ہوں۔ لیکن یہ ریاست کی قانونی بنیاد سے گریز کرتا ہے۔ جدید نظریہ خدائی قیام، بالادستی، آبائی، وراثتی اور معاہدے کے نظریات کے مطابق نہیں۔ ریاست کی قانونی بنیاد کبھی انسانوں میں (بالادستی، آبائی اور معاہدے کا نظریہ)، کبھی انسانوں سے بالاتر (خدائی قیام)، کبھی انسانوں کے نیچے (مادی وراثتی نظریہ) تلاش کی جاتی ہے۔ عقلی ضرورت سوال کو آرام سے یا احتیاط سے بغیر جواب چھوڑ دیتی ہے۔ لیکن یہ سوال جس پر تمام زمانوں کے عظیم قانونی فلسفیوں نے گہری توجہ دی، بالکل بیکار نہیں ہو سکتا۔ درحقیقت ریاست میں انسانی اور مافوق انسانی کا امتزاج موجود ہے۔ اس دباؤ والے تعلق کے لیے جس میں محکوم حکمرانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، ایک قانونی بنیاد ناگزیر ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ بلا اجازت کام کرنے

کے قانون میں مل سکتی ہے۔ جہاں شہریوں کی مجموعیت کو کاموں کا مالک اور حکومت کو بلا اجازت کام کرنے والا سمجھنا چاہیے۔

رومیوں کے حیرت انگیز قانونی فہم نے بے اجازت کام کرنے کے قانون میں ایک عمدہ شاہکار تخلیق کیا۔ جب کسی معذور کی جائیداد خطرے میں ہو، کوئی بھی آگے بڑھ کر اسے بچا سکتا ہے۔ یہ بے اجازت کار کنندہ، دوسروں کے کام چلانے والا ہے۔ اس کا کوئی حکم نہیں، یعنی کوئی انسانی حکم نہیں۔ اس کا حکم اسے ایک اعلیٰ ضرورت سے ملا ہے۔ ریاست کے لیے یہ اعلیٰ ضرورت مختلف طریقوں سے بیان کی جا سکتی ہے اور مختلف تہذیبی سطحوں پر عام فہم صلاحیت کے مطابق مختلف طریقوں سے بیان کی جائے گی۔ کام چلانے کا رخ مالک، یعنی قوم کی بہبود کی طرف ہے جس کا بے اجازت کارکنندہ خود بھی حصہ ہے۔

بے اجازت کام کرنے والا ایک ایسی جائیداد کو چلاتا ہے

جس کا وہ خود شریک مالک ہے۔ اپنی شریک ملکیت سے وہ اس مصیبت کی حالت کو سمجھتا ہے جس میں مداخلت، جنگ اور امن کی قیادت کی ضرورت ہے؛ لیکن ہرگز وہ اپنے آپ کو شریک مالک ہونے کے ناتے کوئی درست حکم نہیں دیتا۔ وہ بے شمار شریک مالکان کی رضامندی کو بہترین صورت میں صرف اندازہ لگا سکتا ہے۔

ریاست کسی قوم کی بقا کی کشمکش سے وجود میں آتی ہے۔ اس کشمکش میں پہلے پیچیدہ طریقے سے باقاعدہ حکم لینا ممکن نہیں۔ ہاں، اجتماعی کوئی کام شروع سے ہی ناکام ہو جائے گا اگر پہلے باقاعدہ اکثریتی فیصلہ حاصل کرنا چاہیں۔ اندرونی گروہ بندی قوم کو بیرونی مصیبت کے سامنے بے بس کر دے گی۔ تمام سر ایک ٹوپی تلے نہیں آسکتے جیسا عام کہا جاتا ہے۔ اس لیے بے اجازت کام کرنے والا صرف ٹوپی پہن کر آگے بڑھ جاتا ہے۔

ریاست کا بے اجازت کار کنندہ اس وقت درست ٹھہرایا جاتا ہے جب عام معاملہ خطرے میں ہو اور کاموں کا مالک نااہلی یا کسی اور وجہ سے اپنی مدد آپ کرنے سے روکا گیا ہو۔

مگر اس کی مداخلت سے بے اجازت کار کنندہ کاموں کے مالک کے لیے گویا معاہدے سے، جیسے معاہدے سے، پابند ہو جاتا ہے۔ یہ ریاست میں پہلے سے موجود، بلکہ درست یہ کہ وجود میں آنے والا، قانونی تعلق ہے۔

بے اجازت کار کنندہ پھر ہر غفلت کا ذمہ دار ہوگا، نیز ایک بار سنبھالے گئے کاموں کے ناقص انجام یا ان سے بنیادی طور پر جڑی چیزوں کی کمی وغیرہ کے لیے۔ میں بے اجازت کام کرنے کے قانون کو یہاں مزید نہیں پھیلانا چاہتا اور ریاست پر نہیں ڈھالنا چاہتا۔ یہ ہمیں اصل موضوع سے بہت دور لے جائے گا۔ صرف یہ عرض کروں : "اجازت ملنے پر کام چلانے کا

عمل کاموں کے مالک کے لیے اسی طرح مؤثر ہوتا ہے جیسے کہ وہ اصل حکم کے مطابق ہوا ہو۔"

اور ہمارے معاملے میں اس سب کا کیا مطلب ہے؟

یہودی قوم اس وقت جبر کی وجہ سے اپنے سیاسی معاملات خود چلانے سے روکی گئی ہے۔ مختلف جگہوں پر یہ سخت یا ہلکی پریشانی میں ہے۔ اسے سب سے پہلے ایک بے اجازت کارکنندہ کی ضرورت ہے۔

یہ بے اجازت کارکنندہ ہرگز کوئی انفرادی شخص نہیں ہو سکتا۔ ایسا شخص مضحکہ خیز ہوگا یا اپنے فائدے پر توجہ دینے کی وجہ سے قابلِ نفرت۔

یہودیوں کا بے اجازت کارکنندہ لفظ کے ہر پہلو سے اخلاقی شخصیت ہونا چاہیے۔

اور وہ ہے یہودیوں کی انجمن۔

یہودیوں کا بے اجازت کارکنندہ۔

قومی تحریک کا یہ آلہ جس کی نوعیت اور ذمہ داریوں پر ہم ابھی بحث کریں گے، درحقیقت سب سے پہلے وجود

میں آئے گا۔ اس کا قیام انتہائی سادہ ہے۔ ان بہادر انگریزی یہودیوں کے حلقے سے جو میں نے لندن میں اس منصوبے سے آگاہ کیا، یہ اخلاقی شخصیت بنے گی۔ یہودیوں کی انجمن شروع ہونے والی یہودی تحریک کا مرکزی ادارہ ہے۔

انجمن کے علمی اور سیاسی فرائض ہیں۔ یہودی ریاست کی بنیاد جیسا کہ میں سوچتا ہوں، جدید علمی شرائط رکھتی ہے۔ اگر ہم آج مصر سے ہجرت کریں گے، تو یہ پرانے زمانے کی سادہ طریقے سے نہیں ہو سکتا۔ ہم پہلے اپنی تعداد اور طاقت کا حساب دیں گے۔ یہودیوں کی انجمن یہودیوں کا نیا موسیٰؑ ہے۔ پرانے عظیم بے اجازت کارکنندہ کا کام سادہ زمانے میں ہمارے کام سے ایسا تعلق رکھتا ہے جیسا ایک خوبصورت پرانا گانے بجانے کا کھیل جدید گانے بجانے کے اڈے سے۔ ہم وہی دھن بہت زیادہ وائلن، بانسری، بربط، گھٹنے اور باس کے باجے، برقی روشنی، سجاوٹ، گروہ، شاندار

ساز و سامان اور پہلے گانے والوں کے ساتھ بجاتے ہیں۔

"یہ تحریر یہودی مسئلہ پر عمومی بحث کا آغاز کرے گی۔ موافق اور مخالف دونوں اس میں شریک ہوں گے میری امید ہے کہ اب تک کی طرح جذباتی دفاع اور وحشیانہ گالم گلوچ کی شکل میں نہیں۔ بحث معروضی، وسیع، سنجیدہ اور سیاسی انداز میں چلائی جائے گی۔

یہودیوں کا سماج ریاستی رہنماؤں، مجالسِ قانون ساز، یہودی برادریوں، انجمنوں کے تمام اعلانات جمع کرے گی جو تحریر و تقریر، اجتماعات، اخبارات اور کتابوں میں سامنے آئیں۔ اس طرح معاشرہ پہلی بار جان سکے گا اور طے کر سکے گا کہ کیا یہودی ابھی سے وعدہ شدہ سرزمین کی طرف ہجرت کرنا چاہتے اور ضروری سمجھتے ہیں۔ سماج کو دنیا بھر کی یہودی برادریوں سے یہودیوں کی جامع شماریات کے لیے مواد ملے گا۔

بعد کے کام نئی سرزمین اور اس کے قدرتی وسائل کی

علمی تحقیق، ہجرت و آبادکاری کا مربوط منصوبہ، قانون سازی اور انتظامیہ کی تیاریاں وغیرہ معقول طور پر اس مقصد سے اخذ کیے جائیں گے۔

بیرونی طور پر، جیسا کہ میں نے ابتدا میں عمومی حصے میں بیان کیا، سماج کو کوشش کرنی ہوگی کہ اسے ریاست ساز قوت کے طور پر تسلیم کیا جائے۔ بہت سے یہودیوں کی آزادانہ حمایت سے وہ حکومتوں کے سامنے ضروری اختیار حاصل کر سکتی ہے۔

اندرونی طور پر، یعنی یہودی قوم کے سامنے، سماج ابتدائی دور کی ضروری ادارے قائم کرتی ہے بنیادی خلیہ، قدرتی سائنس کی اصطلاح میں کہیں تو جس سے بعد میں یہودی ریاست کے سرکاری ادارے نشوونما پائیں گے۔

پہلا مقصد، جیسا کہ پہلے کہا گیا، ہماری جائز ضروریات کے لیے کافی خطۂ ارض پر بین الاقوامی قانونی طور پر محفوظ خود مختاری حاصل کرنا ہے۔

بعد میں کیا ہونا چاہیے؟"

زمین پر قبضہ

تاریخی ادوار میں جب قومیں ہجرت کرتی تھیں تو وہ دنیا کے حالات کے رحم و کرم پر تھیں کھینچی جاتی، گھسیٹی جاتی تھیں۔ ٹڈی دل کی طرح اپنی بے ہوش چال میں کہیں جا اترتی تھیں۔ تاریخی زمانوں میں زمین کا علم نہیں تھا۔ نئی یہودی ہجرت سائنسی اصولوں کے مطابق ہونی چاہیے۔

چالیس سال پہلے تک سونے کی کان کنی حیرت انگیز طور پر بے تکلف طریقے سے ہوتی تھی۔ کیلیفورنیا میں کیا ہنگامہ خیز واقعات ہوئے! وہاں ایک افواہ پر دنیا بھر کے مایوس لوگ جمع ہو گئے، زمین کو چیر ڈالا، ایک دوسرے سے سونا چھینا اور پھر اسی ڈاکوؤں جیسے انداز میں اسے کھو دیا۔

آج ٹرانسوال میں سونے کی کان کنی دیکھیے۔ اب رومانی آوارہ گرد نہیں، بلکہ خشک سائنس دان ماہرین ارضیات اور انجینئر سونے کی صنعت کی قیادت کرتے ہیں۔

عقلمندانہ مشینیں معلوم چٹان سے سونا نکالتی ہیں۔ اتفاق کے لیے بہت کم چھوڑا جاتا ہے۔

اسی طرح نئی یہودی سرزمین کو تمام جدید ذرائع سے تحقیق کر کے حاصل کرنا چاہیے۔

جیسے ہی ہمیں زمین حاصل ہو جائے گی، "زمین نامہ جہاز" وہاں جائے گا۔

اس جہاز پر معاشرہ، انجمن اور مقامی گروہوں کے نمائندے سوار ہوں گے۔

یہ زمین لینے والوں کے تین کام ہیں:

۱۔ ملک کی تمام قدرتی خصوصیات کی درست سائنسی تحقیق،

۲۔ ایک سخت مرکزی انتظامیہ کا قیام،

۳۔ زمین کی تقسیم۔

یہ کام ایک دوسرے میں گھلے ہوئے ہیں اور پہلے سے کافی حد تک معلوم مقصد کے مطابق انجام دینے ہیں۔

صرف ایک بات ابھی واضح نہیں کی گئی: یعنی مقامی

گروہوں کے ذریعے زمین پر قبضہ کیسے ہونا چاہیے۔
امریکا میں جب نئے علاقے کھولے جاتے ہیں تو ایک کافی سادہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ زمین لینے والے سرحد پر جمع ہوتے ہیں اور مقررہ گھنٹے پر ایک ساتھ زور زبردستی سے ٹوٹ پڑتے ہیں۔
نئی یہودی سرزمین میں ایسا نہیں ہوگا۔ صوبوں اور شہروں کی جگہیں نیلام کی جائیں گی۔ رقم کے لیے نہیں، بلکہ کارکردگی کے بدلے۔ عمومی منصوبے کے مطابق طے کر لیا گیا ہے کہ کون سی شاہراہیں، پُل، پانی، نظم و نسق وغیرہ نقل و حمل کے لیے ضروری ہیں۔ یہ صوبوں کے لحاظ سے جمع کیا جائے گا۔ صوبوں کے اندر اسی طرح شہروں کی جگہیں نیلام کی جائیں گی۔ مقامی گروپ وعدہ کرتے ہیں کہ اسے درستی سے انجام دیں گے۔ وہ اپنے خودمختار محصولات سے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ معاشرہ یہ پیشگوئی کرنے کے قابل ہوگا کہ آیا مقامی گروہ بہت بڑی قربانیوں سے گریز نہیں

کرتے۔ بڑی برادریوں کو ان کی سرگرمیوں کے لیے بڑے میدان ملتے ہیں۔ بڑی قربانیوں کا کچھ مراعات سے بدلہ دیا جائے گا: دارالعلوم، تخصصی، اعلیٰ مدارس، تجربہ گاہیں وغیرہ اور وہ ریاستی ادارے جو دارالحکومت میں ہونے ضروری نہیں، ملک بھر میں پھیلے ہوں گے۔ ذمہ داری پوری کرنے کی درستگی کے لیے پہلے تو ذاتی مفاد ضامن ہوگا اور ضرورت پڑنے پر مقامی محصول۔ کیونکہ جیسے ہم افراد کے فرق کو ختم نہیں کر سکتے اور نہ چاہتے ہیں، ویسے ہی مقامی گروہوں کے درمیان فرق قائم رہے گا۔ سب کچھ قدرتی طور پر ترتیب پاتا ہے۔ تمام حاصل کردہ حقوق محفوظ ہوں گے، ہر نئی ترقی کو کافی گنجائش ملے گی۔ یہ باتیں ہمارے لوگوں کو اچھی طرح معلوم ہوں گی۔

جیسے ہم دوسروں کو دھوکا نہیں دیتے یا دھکیلتے نہیں، ویسے ہی اپنے آپ کو بھی دھوکا نہیں دیتے۔

شروع سے ہی سب کچھ منصوبہ بند طریقے سے طے

ہوگا۔ اس منصوبے کی تفصیلات، جس کی میں صرف اشارہ کر سکتا ہوں، میں ہمارے تیز ذہن دماغ حصہ لیں گے۔ تمام سماجی علوم اور عصری تکنیکی کامیابیاں جن میں ہم رہتے ہیں، اور اس اعلیٰ تر زمانے میں جب منصوبے کی طویل عملداری ہوگی، اس مقصد کے لیے استعمال ہوں گی۔ تمام خوش قسمتی ایجادات جو پہلے سے موجود ہیں اور جو آئیں گی، استعمال کی جائیں گی۔ اس طرح زمین لینے اور ریاست بنانے کی تاریخ میں بے مثال شکل بن سکتی ہے، جس کے کامیاب ہونے کے پہلے سے فقید المثال مواقع ہوں گے۔

دستور

سماج کی مقرر کردہ بڑی مجالس میں سے ایک ریاستی قانون دانوں کا کونسل ہوگا۔ انہیں ممکنہ حد تک اچھا جدید آئین مرتب کرنا ہوگا۔ میرا خیال ہے کہ اچھے آئین میں معتدل لچک ہونی چاہیے۔ ایک اور تحریر میں مَیں نے تفصیل سے بیان کیا ہے کہ ریاست کی کون سی

شکلیں مجھے بہترین لگتی ہیں۔ میں جمہوری بادشاہت اور اشرافی جمہوریت کو ریاست کی عمدہ ترین شکلیں سمجھتا ہوں۔ ریاستی شکل اور حکومتی اصول ایک متوازن تضاد میں ایک دوسرے کے مقابل ہونے چاہئیں۔ میں بادشاہتی اداروں کا پختہ حامی ہوں کیونکہ وہ مستقل حکمتِ عملی ممکن بناتے ہیں اور ریاستی بقا سے وابستہ مفاد ایک تاریخی شہرت یافتہ، حکمرانی کے لیے پیدا اور پلی بڑھی خاندان کی نمائندگی کرتے ہیں۔ تاہم ہمارا تسلسل اتنا عرصہ منقطع رہا ہے کہ ہم اس نظام سے دوبارہ نہیں جُڑ سکتے۔

محض کوشش خود کو تماشا بنوانے کے عذاب میں بمتلا ہونا ہوگی۔

بادشاہ کے مفید توازن کے بغیر جمہوریت بے تحاشا تعریف اور مذمت کرتی ہے، مجلس قانون سازکی بکواس پیشہ ور سیاستدانوں کی بدصورت نوع کو جنم دیتی ہے۔ نیز موجودہ قومیں لامحدود جمہوریت کے لیے موزوں

نہیں، اور میرا خیال ہے کہ مستقبل میں وہ اس کے لیے اور بھی کم موزوں ہوں گی۔ خالص جمہوریت در حقیقت بہت سادہ اخلاق کا تقاضا کرتی ہے، جبکہ ہمارے اخلاق آمدورفت اور ثقافت کے ساتھ مزید پیچیدہ ہوتے جائیں گے۔ "جمہوریت کا محرک فضیلت ہے"، دانشمند مونٹیسکیو کہتا ہے۔ اور یہ میری مراد سیاسی والی فضیلت فضیلت کہاں ملتی ہے؟ مَیں ہماری سیاسی فضیلت پر یقین نہیں رکھتا کیونکہ ہم دوسرے جدید انسانوں سے مختلف نہیں، اور کیونکہ آزادی میں ہمارا غرور پہلے پھول جائے گا۔ میں ریفرنڈم کو نامکمل سمجھتا ہوں، کیونکہ سیاست میں کوئی سادہ سوالات نہیں جن کا جواب صرف ہاں یا نا میں دیا جا سکے۔ نیز عوام مقننہ سے بھی بدتر ہیں: ہر باطل عقیدے کے تابع، ہر زوردار چلانے والے کی طرف مائل۔ لوگوں کے مجمع سامنے نا خارجی نا داخلی حکمتِ عملی بنائی جا سکتی ہے۔

سیاست اوپر سے بننی چاہیے۔ یہودی ریاست میں پھر

کسی کو بھی غلام نہیں بنایا جائے گا، کیونکہ ہر یہودی بلند ہو سکتا ہے، ہر فرد بلند ہونا چاہے گا۔ اس طرح ہماری قوم میں اوپر کی طرف زبردست رجحان آنا چاہیے۔ ہر فرد صرف یہی سمجھے گا کہ وہ خود کو اٹھا رہا ہے، اور اس عمل میں پورا سماج بلند ہوگا۔ بلند ہونے کو اخلاقی، ریاست کے لیے مفید، قومی نظریے کی خدمت کرنے والی صورتوں میں باندھنا ہے۔

اس لیے میں ایک اشرافی جمہوریت کا تصور کرتا ہوں۔ یہ ہماری قوم کے اس خوددار مزاج کے مطابق بھی ہے جو اب بیوقوفانہ تکبر میں بگڑ گیا ہے۔ مجھے وینس کے کچھ ادارے یاد آتے ہیں؛ پر وہ سب کچھ جس کی وجہ سے وینس تباہ ہوا، اس سے بچنا ہے۔ ہم دوسروں کی تاریخی غلطیوں سے ایسے سیکھیں گے، جیسے اپنی غلطیوں سے۔ کیونکہ ہم ایک جدید قوم ہیں اور سب سے جدید بننا چاہتے ہیں۔ ہماری قوم، جسے سماج نئی سرزمین دلائے گا، وہ دستور بھی جو سماج اسے دے گا، شکرگزاری سے

قبول کرے گی۔ مگر جہاں بر عکس ظاہر ہوگا، سماج اسے توڑ دے گا۔ وہ کام میں محدود یا بدخواہ اشخاص سے خلل نہیں آنے دے سکتا۔

زُبان

شاید کوئی سوچے کہ ہمارے پاس مشترکہ زبان نہ ہونا ایک مشکل ہوگی۔ کیا ہم عبرانی میں بات چیت کر سکتے ہیں؟ ہم میں سے کون اتنی عبرانی جانتا ہے کہ اس زبان میں ریلوے ٹکٹ مانگ سکے؟ ایسا ممکن نہیں۔ پھر بھی معاملہ بہت آسان ہے۔ ہر شخص اپنی زبان رکھے گا، جو اس کے خیالات کی پیاری مادر وطن ہے۔ زبانوں کے اتحاد کی ممکنیت کے لیے سوئٹزرلینڈ ایک حتمی مثال ہے۔ ہم وہاں بھی وہی رہیں گے جو اب ہیں، جیسے ہم کبھی اپنے آبائی ممالک، جن سے ہمیں نکالا گیا، کو حسرت سے پیار کرنا بند نہ کریں گے۔

جن پست اور دبکی ہوئی بولیوں کو ہم اب استعمال کرتے ہیں، ان گھٹی زبانوں کو ہم ترک کر دیں گے۔ وہ قیدیوں

کی چوری چھپے بولی جانے والی زبانیں تھیں۔ ہمارے قومی اساتذہ اس معاملے پر توجہ دیں گے۔ جو زبان عمومی آمدورفت کے لیے سب سے زیادہ مفید ہوگی، وہ بلاجبر مرکزی زبان بن جائے گی۔ ہماری قومی برادری درحقیقت انوکھی، منفرد ہے۔ ہم دراصل خود کو صرف بابائی عقیدے سے ہی متعلق پہچانتے ہیں۔

مذہبی حکومت

کیا ہم آخر میں ایک مذہبی حکومت قائم کریں گے؟ نہیں! عقیدہ ہمیں متحد رکھتا ہے، حکمت ہمیں آزاد کرتی ہے۔ اس لیے ہم اپنے روحانی پیشواؤں کی ناروا مداخلت کو سر اٹھانے نہیں دیں گے۔ ہم انہیں ان کے صعوموں میں مضبوطی سے روکے رکھیں گے، جیسے اپنی پیشہ ور فوج کو بیرکوں میں روکے رکھتے ہیں۔ فوج اور ربیوں کو اتنی عزت دی جائے گی جتنا ان کے خوبصورت فرائض کا تقاضا اور مستحق ہیں۔ ریاست، جو انہیں ممتاز کرتی ہے، کے معاملات میں انہیں دخل

دینے کا حق نہیں ہوگا، کیونکہ وہ بیرونی اور اندرونی مشکلات کو جنم دیں گے۔

ہر شخص اپنے عقیدے یا بے عقیدگی میں اپنی قومیت کی طرح آزاد اور بے قید ہوگا۔ اور اگر ایسا ہو کہ مختلف عقیدے، مختلف قومیت کے لوگ ہمارے درمیان رہیں، تو ہم انہیں باعزت تحفظ اور قانونی مساوات دیں گے۔ ہم نے یورپ میں رواداری سیکھی ہے۔ میں یہ مذاق میں بھی نہیں کہہ رہا۔ موجودہ یہود دشمنی کو چند جگہوں پر ہی پرانی مذہبی عدم رواداری سمجھا جا سکتا ہے۔ زیادہ تر تمدن والی قوموں میں یہ ایک تحریک ہے جس سے وہ اپنے ماضی کا سایہ بھگانا چاہتی ہیں۔

قوانین

جب ریاستی تصور کی عملی تعبیر قریب آئے گی، تو یہودیوں کا سماج مجلسِ قانون ساز کے ذریعے قانون سازی کی ابتدائی تیاریاں کروائے گا۔ عبوری دور کے لیے یہ اصول تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ مختلف ممالک سے

آنے والے ہر یہودی کا فیصلہ اس کے سابقہ ملکی قوانین کے مطابق ہو۔ جلد ہی قانونی اتحاد کی کوشش کرنی ہوگی۔ جدید قوانین ہونے چاہئیں، نیز ہر جگہ بہترین کو استعمال کرنا ہوگا۔ یہ ایک مثالی تدوین بن سکتی ہے، جو موجودہ دور کے تمام منصفانہ سماجی مطالبات سے سرشار ہو۔

فوج

یہودی ریاست کو غیر جانبدار تصور کیا گیا ہے۔ اسے صرف ایک پیشہ ور فوج کی ضرورت ہوگی البتہ تمام جدید جنگی آلات سے لیس، جو بیرونی اور اندرونی دونوں طرح سے نظم و ضبط قائم رکھے۔

پرچم

ہمارا کوئی پرچم نہیں۔ ہمیں ایک چاہیے۔ اگر بہت سے لوگوں کو راہنمائی کرنی ہو تو ان کے سروں پر ایک علامت بلند کرنی ہوگی۔

میں ایک سفید پرچم کا تصور کرتا ہوں جس پر سات سونے

کے ستارے ہوں۔ سفید میدان نئ، پاکیزہ زندگی کی علامت ہے؛ ستارے ہمارے کام کے دن کے سات سنہری گھنٹے ہیں کیونکہ کام کی علامت کے ساتھ یہودی نئ سرزمین میں داخل ہوں گے۔

باہمی معاہدہ اور حوالگی کے معاہدے

نئ یہودی ریاست کو شریفانہ طریقے سے قائم کرنا ہوگا۔ ہم دنیا میں اپنی آئندہ عزت کا خیال رکھتے ہیں۔ اس لیے سابقہ رہائشی مقامات پر تمام ذمہ داریاں ایمانداری سے پوری کرنی ہوں گی۔ یہودي سماج اور یہودي انجمن سستی آمدورفت اور تمام آبادکاری کی سہولیات صرف انہیں دیں گی جو اپنے سابقہ حکام کا سند پیش کریں: "اچھے نظم کے ساتھ منتقل ہوا۔" تمام نجی قانونی دعوے جو چھوڑے گئے ممالک سے متعلق ہیں، یہودی ریاست میں کہیں سے زیادہ آسانی سے قابلِ سماعت ہوں گے۔ ہم باہمی معاہدے کا انتظار بھی نہیں کریں گے۔ ہم یہ صرف اپنی عزت کی خاطر کریں

گے ۔ اس طرح بعد میں ہمارے دعوے زیادہ رضامند عدالتیں پائیں گے ، جیسا کہ اب کہیں کہیں ہو سکتا ہے ۔ پچھلی تمام باتوں کے بعد ظاہر ہے کہ ہم یہودی مجرموں کو دوسری کسی ریاست سے زیادہ آسانی سے حوالے کریں گے ، اُس وقت تک جب تک ہم سزا دینے کا حق اُنہی اصولوں کے مطابق نہیں چلاتے جو دیگر تمام مہذب قومیں کرتی ہیں ۔ پس ایک عبوری دور کا تصور ہے ، جس دوران ہم اپنے مجرموں کو صرف سزا کاٹنے کے بعد ہی قبول کریں گے ۔ لیکن جب وہ سزا پا چکیں ، تو بغیر کسی پابندی کے قبول کیے جائیں گے ۔ ہمارے درمیان مجرموں کے لیے بھی ایک نئی زندگی کا آغاز ہونا چاہیے ۔

اس طرح بہت سے یہودیوں کے لیے ہجرت ایک خوشگوار بحران بن سکتی ہے ۔ وہ برے بیرونی حالات جن میں کوئی کردار بگڑ گیا ، دور ہوں گے ، اور گمشدہ بچائے جا سکیں گے ۔

میں یہاں مختصرًا وہ واقعہ بیان کرنا چاہتا ہوں جو وطواٹرزرینڈ کی سونے کی کانوں کی ایک رپورٹ میں ملا۔ ایک دن ایک آدمی رینڈ پہنچا، نیچے اترا، کچھ کوششیں کیں، سوائے سونا کھودنے کے، آخر میں ایک لوہے کا کارخانہ قائم کیا جو کامیاب ہوا، اور جلد ہی اپنی ایمانداری سے عام عزت حاصل کی۔ پھر سالوں بعد اچانک گرفتار کرلیا گیا۔ اس نے فرینکفرٹ میں بطور بینکر دھوکے کیے تھے، فرار ہوا تھا اور یہاں جعلی نام سے نئی زندگی شروع کی تھی۔ پر جب اس کو گرفتار کرکے لے جایا جارہا تھا، تو علاقے کے معزز لوگ اسٹیشن پر آئے، اسے دلی الوداع کہا اور پھر ملنے کی امید کا اظہار کیا کیونکہ ان کے نزدیک وہ واپس آئے گا۔

یہ کہانی کیا کچھ کہتی ہے! ایک نئی زندگی مجرموں کو بھی سنوار سکتی ہے۔ اور ہمارے پاس نسبتاً بہت کم مجرم ہیں۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ شماریات پڑھیے، "جرمنی میں یہودیوں کی جرائم کی شرح"، جو ڈاکٹر پی

ناتھانؔ برلنؔ میں یہود مخالف حملوں کی انسداد کی مجلس کے حکم پر سرکاری اعداد و شمار کی بنیاد پر مرتب کی۔ البتہ یہ تعدادوں سے بھری تحریر، کئی دوسری "مدافعات" کی طرح، اس غلط فہمی سے نکلتی ہے کہ یہود مخالفت کو عقلی طور پر رد کیا جا سکتا ہے۔ ہمیں شاید ہمارے عیبوں کی اتنی ہی وجہ سے نفرت ہے جتنی ہماری خوبیوں کی وجہ سے۔

فوائدِ ہجرتِ یہود

میں سوچتا ہوں کہ حکومتیں اس منصوبے پر خوشی سے یا اپنے یہود مخالفین کے دباؤ میں کچھ توجہ دیں گی، اور شاید کہیں کہیں شروع ہی سے منصوبے کے ساتھ ہمدردی کا برتاؤ کریں اور یہودیوں کے معاشرے کو دکھائیں بھی۔ کیونکہ یہودی ہجرت جس کا میں ذکر کرتا ہوں، سے کوئی معاشی بحران نہیں جنم لے سکتا۔ ایسے بحران جو یہودیوں کے پیچھے پڑنے کے نتیجے میں ہر جگہ آنا چاہئیں، اس منصوبے کی تکمیل سے زیادہ روکے جائیں گے۔

موجودہ یہود مخالف ممالک میں خوشحالی کا ایک عظیم دور شروع ہوگا۔ جیسا کہ میں نے کئی بار کہا، یہودیوں کے آہستہ اور منصوبہ بند طریقے سے خالی کیے گئے مقامات پر عیسائی شہریوں کی اندرونی ہجرت ہوگی۔ اگر ہمیں نہ صرف چھوڑ دیا جائے بلکہ بالکل مدد کی جائے، تو یہ تحریک ہر جگہ زرخیز اثر کرے گی۔ یہ بھی ایک تنگ نظری ہے جس سے چھٹکارا پانا ہوگا کہ بہت سے یہودیوں کے نکل جانے سے ممالک کی غربت آئے گی۔ ہراساں کرنے کے نتیجے میں نکلنا ایک طرح سے ہے، جس میں بلاشبہ، جنگ کی گڑبڑی میں سامان تباہ ہوتا ہے۔ اور بستیاں (بسانے والوں) کا پرامن، رضاکارانہ نکلنا دوسری طرح کا ہے، جس میں تمام کام حاصل کردہ حقوق کا لحاظ رکھتے ہوئے، پورے قانونی طریقے سے، آزاد اور کھلے عام، دن دہاڑے، حکام کی نظروں میں، عوامی رائے کے قابو میں انجام پا سکتا ہے۔ عیسائی مزدوروں کی دوسرے براعظموں کی طرف

ہجرت یہودی تحریک سے رک جائے گی۔
ریاستوں کو مزید یہ فائدہ ہوگا کہ ان کی برآمدی تجارت زبردست بڑھے گی، کیونکہ ہجرت کرنے والے یہودی وہاں پر طویل عرصے تک یورپی مصنوعات کے محتاج رہیں گے، انہیں ضرور انہیں منگوانا پڑے گا۔ مقامی گروہوں کے ذریعے منصفانہ توازن قائم کیا جائے گا، عادی ضروریات کو طویل عرصے تک عادی مقامات پر پورا کرنا پڑے گا۔
سب سے بڑے فوائد میں سے ایک شاید سماجی آسانی ہوگی۔ سماجی بے اطمینانی کچھ عرصے کے لیے سکون پا سکتی ہے، جو شاید بیس سال، شاید اس سے زیادہ چلے، بہرحال پوری یہودی ہجرت کی مدت تک قائم رہے گی۔
سماجی مسئلے کی تشکیل صرف تکنیکی ذرائع کی ترقی پر منحصر ہے۔ بھاپ نے انسانوں کو مشینوں کے گرد کارخانوں میں جمع کیا، جہاں وہ ایک دوسرے سے دبے ہوئے

ہیں اور ایک دوسرے سے ذلیل ہو رہے ہیں۔ پیداوار زبردست، بے انتخاب، بے منصوبہ ہے، ہر لمحہ سخت بحرانوں کو جنم دیتی ہے، جن میں مالکان کے ساتھ مزدور بھی تباہ ہو جاتے ہیں۔ بھاپ نے انسانوں کو ایک دوسرے سے دبایا، بجلی کا استعمال شاید انہیں پھر سے منتشر کر دے اور شاید خوشگوار کام کی حالت میں لے آئے۔ بہرحال تکنیکی موجد، انسانیت کے سچے محسن، یہودی ہجرت کے آغاز کے بعد بھی کام جاری رکھیں گے اور امید ہے کہ پہلے کی طرح حیرت انگیز چیزیں دریافت کریں گے، نہیں، ہمیشہ زیادہ حیرت انگیز۔ پہلے ہی "ناممکن" لفظ تکنیکی زبان سے غائب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ اگر پچھلی صدی کا آدمی واپس آئے تو وہ ہماری پوری زندگی ناقابل فہم جادو سے بھری پائے گا۔ جہاں ہم جدید اپنے ذرائع کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں، صحرا کو باغ میں بدل دیتے ہیں۔ شہر قائم کرنے کے لیے اب ہمیں اتنے سال کافی ہیں جتنے

پہلے تاریخی ادوار میں صدیوں درکار تھے اس کی امریکا میں بے شمار مثالیں ہیں۔ فاصلوں کو رکاوٹ کے طور پر شکست دے دی گئی ہے۔ جدید ذہن کے خزانے میں پہلے ہی ناپذیر دولت موجود ہے؛ ہر دن اسے بڑھاتا ہے، ہزاروں سر زمین کے ہر نقطے پر غور کرتے، تلاش کرتے ہیں، اور جو ایک دریافت کرتا ہے، اگلے ہی لمحے پوری دنیا کی ملکیت بن جاتا ہے۔ ہم خود یہودی سرزمین میں تمام نئے تجربات استعمال کرنا، نمونہ بنانا چاہتے ہیں، اور جیسے ہم سات گھنٹے کے دن میں پوری انسانیت کی بھلائی کے لیے ایک تجربہ کر رہے ہیں، ویسے ہی ہر چیز میں انسان دوستانہ پیش قدمی کرنا چاہتے ہیں اور ایک نئے ملک کو تجرباتی ملک اور نمونہ ملک کے طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں۔

یہودیوں کے نکل جانے کے بعد وہ ادارے جو انہوں نے بنائے، وہیں رہیں گے جہاں تھے۔ اور یہاں تک کہ یہودی کاروباری جذبہ بھی وہاں نہیں جائے گا جہاں

اسے خوشی سے دیکھا جاتا ہے۔ متحرک یہودی سرمایہ آگے بھی وہاں اپنے منصوبے تلاش کرے گا جہاں کے حالات اس کے مالکوں کو بخوبی معلوم ہیں۔ اورجبکہ اب یہودی نقدی سرمایہ ظلم کی وجہ سے بیرون ملک دور دراز کاروباروں کی طرف رجوع کرتا ہے، اس پرامن حل کے ساتھ وہ واپس آئے گا اوریہودیوں کے سابقہ رہائشی مقامات کے مزید عروج میں حصہ ڈالے گا۔

اختتامی کلمات

کتنا کچھ ابھی تک غیر بحث شدہ رہ گیا ہے، کتنی خامیاں، مضرت رساں سطحیت اور بے فائدہ تکرار اب بھی اس تحریر میں موجود ہیں جس پر میں نے طویل غور کیا اور بار بار نظر ثانی کی۔

سیدھا پڑھنے والا، جو اتنا سمجھدار بھی ہے کہ الفاظ کے باطن تک پڑھ سکے، خامیوں سے بددل نہیں ہوگا۔ بلکہ وہ ابھارا محسوس کرے گا کہ اپنی ذہانت اور طاقت سے

اس کام میں حصہ لے جو کسی ایک کا نہیں، اور اسے بہتر بنائے۔

کیا میں نے خود واضح باتیں بیان نہیں کیں اور اہم تحفظات نظر انداز نہیں کیے؟ کچھ اعتراضات کو میں رد کرنے کی کوشش کر چکا ہوں؛ جانتا ہوں کہ اور بھی ہیں، بہت سے، بلند اور پست۔

اعلیٰ اعتراضات میں یہ شامل ہے کہ دنیا میں یہودیوں کی مصیبت واحد نہیں لیکن میرا خیال ہے کہ ہمیں پھر بھی تھوڑا سا دکھ دور کرنا شروع کر دینا چاہییے؛ چاہے ابتدًا صرف اپنا ہی ہو۔

مزید کہا جا سکتا ہے کہ ہمیں انسانوں کے درمیان نئے فرق نہیں ڈالنے چاہئیں؛ نئی سرحدیں نہیں کھڑی کرنی چاہئیں، بلکہ پرانی مٹانی چاہئیں۔ میرا خیال ہے، ایسا سوچنے والے پیارے خیال پرست ہیں؛ لیکن جب وطن کا تصور اب بھی پھل پھول رہا ہوگا، ان کی ہڈیوں کا خاک بغیر نشان کے اڑ چکا ہوگا۔ عام بھائی چارہ تو ایک

خوبصورت خواب بھی نہیں۔ دشمن کی ذات کی اعلیٰ
کوششوں کے لیے ضرورت ہے۔
مگر کیسے؟ یہودی اپنی ریاست میں شاید کوئی دشمن نہ
رکھیں گے، اور چونکہ وہ خوشحالی میں کمزور ہو جائیں گے
اور مٹ جائیں گے، تو کیا یہودی قوم تب اور بھی تیزی
سے تباہ ہو جائے گی؟ میرا خیال ہے، یہودیوں کے
ہمیشہ کافی دشمن رہیں گے، جیسے کوئی اور قوم۔ پر جب
وہ اپنی زمین پر بیٹھیں گے، تو پوری دنیا میں پھر کبھی
منتشر نہیں ہو سکیں گے۔ یہودیوں کا انتشار اتنی جلدی
ختم نہیں ہو سکتی جب تک پوری دنیا کی تہذیب منہدم
نہ ہو جائے۔ اور اس سے صرف ایک بھولا آدمی ڈر
سکتا ہے۔ موجودہ تہذیب کے پاس اپنے دفاع کے
لیے کافی طاقت کے ذرائع ہیں۔
ادنیٰ اعتراضات بے شمار ہیں، جیسے کہ پست لوگ بلند
لوگوں سے زیادہ ہوتے ہیں۔ کچھ محدود خیالات کو میں زیر
کرنے کی کوشش کر چکا ہوں۔ جو سات ستاروں والے

سفید جھنڈے کے پیچھے کھڑا ہونا چاہیے، اسے اس روشن خیال محاذ میں مدد کرنی ہوگی۔ شاید پہلے جنگ کچھ برے، تنگ دل، محدود یہودیوں کے خلاف لڑنی پڑے۔

کیا یہ نہیں کہا جائے گا کہ میں یہود مخالفین کو ہتھیار فراہم کر رہا ہوں؟ کیوں؟ کیونکہ میں سچ تسلیم کرتا ہوں؟ کیونکہ میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ ہمارے درمیان صرف شاندار لوگ ہیں؟

کیا یہ نہیں کہا جائے گا کہ میں ایسا راستہ دکھا رہا ہوں جس سے ہمیں نقصان پہنچایا جا سکتا ہے؟ میں اس کی سخت تردید کرتا ہوں۔ جو کچھ میں تجویز کرتا ہوں، وہ صرف یہودی اکثریت کی آزادانہ رضامندی سے عمل میں آ سکتا ہے۔ یہ انفرادی افراد کے خلاف، بلکہ موجودہ طاقتور یہودی گروہوں کے خلاف بھی ہو سکتا ہے، لیکن کبھی ریاست کی طرف سے تمام یہودیوں کے خلاف نہیں۔ یہودیوں کی قانونی مساوات، جہاں ایک بار قائم

ہو جائے، ختم نہیں کی جا سکتی؛ کیونکہ محض ابتدائی کوششیں فوراً تمام یہودیوں، غریب اور امیر، کو انقلاب پسند جماعتوں کی طرف دھکیل دیں گی۔ یہودیوں کے خلاف سرکاری ناانصافیوں کا محض آغاز ہر جگہ معاشی بحرانوں کو جنم دیتا ہے۔ پس درحقیقت ہمارے خلاف کوئی مؤثر کام نہیں کیا جا سکتا، جب تک کہ خود کو تکلیف نہ پہنچانی ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ نفرت بڑھتی اور بڑھتی جاتی ہے۔ امیر لوگ اس کا زیادہ محسوس نہیں کرتے۔ لیکن ہمارے غریب! ہمارے غریبوں سے پوچھیے، جو یہود مخالفت کے احیاء کے بعد پہلے سے کہیں زیادہ خوفناک طریقے سے محنت کش بن گئے ہیں۔

کیا کچھ دولت مند سمجھتے ہیں کہ ہجرت کے لیے دباؤ ابھی کافی نہیں، اور یہاں تک کہ زبردست یہودیوں کے اخراج کے وقت بھی دکھائی دیتا ہے کہ ہمارے لوگ کس ناخوشی سے جاتے ہیں؟ ہاں، کیونکہ وہ نہیں جانتے کہ کہاں جائیں! کیونکہ وہ صرف ایک مصیبت سے

دوسری میں جاتے ہیں۔ لیکن ہم انہیں وعدہ شدہ سرزمین کا راستہ دکھاتے ہیں۔ اور عادت کی خوفناک طاقت کو جوش کی شاندار طاقت سے مقابلہ کرنا ہوگا۔

کیا ظلم قرون وسطیٰ جیسے بدترین نہیں؟ ہاں، لیکن ہماری حساسیت بڑھ گئی ہے، اس لیے ہم مصیبتوں میں کمی محسوس نہیں کرتے۔ طویل ظلم نے ہمارے اعصاب کو حد سے زیادہ بھڑکا دیا ہے۔

اور کیا اب بھی کہا جائے گا: یہ کاروبار ناامید کن ہے، چاہے ہمیں زمین اور خودمختاری مل بھی جائے کیونکہ صرف غریب ہی ساتھ جائیں گے؟ بالکل وہی پہلے چاہییے! صرف مایوس ہی فتح کے قابل ہوتے ہیں۔

کیا کوئی کہے گا: ہاں، اگر یہ ممکن ہوتا، تو پہلے ہی کرلیا گیا ہوتا؟

پہلے یہ ممکن نہ تھا۔ اب ممکن ہے۔ سو سال، پچاس سال پہلے یہ ایک خیال پرستی ہوتی۔ آج یہ سب حقیقت ہے۔ امیر، جو تمام تکنیکی کامیابیوں پر خوشگوار نظر رکھتے

ہیں، خوب جانتے ہیں کہ پیسے سے کیا کچھ بن سکتا ہے۔ اور ایسا ہوگا: بالکل غریب اور سادہ لوگ، جو گمان بھی نہیں کرتے کہ انسان کو فطری قوتوں پر کتنا اختیار حاصل ہے، نئی پیغام پر سب سے زیادہ یقین کریں گے۔ کیونکہ انہوں نے وعدہ شدہ سرزمین کی امید نہیں کھوئی۔ وہ ہے، اے یہودیو! کوئی افسانہ نہیں، کوئی دھوکا نہیں! ہر کوئی اس کا یقین کر سکتا ہے، کیونکہ ہر ایک وعدہ شدہ سرزمین کا ایک ٹکڑا ساتھ لے کر جاتا ہے: ایک اپنے سر میں، اور ایک اپنے بازوؤں میں، اور وہ اپنی کمائی ہوئی دولت میں۔

اب یہ ایک طویل معاملہ لگ سکتا ہے۔ موافق ترین حالات میں بھی ریاست کی بنیاد کا آغاز کئی سالوں تک موخر ہو سکتا ہے۔ اس درمیان یہودی ہزاروں جگھوں پر تضحیک، توہین، ملامت، مار، لوٹ اور قتل کا نشانہ بنیں گے۔ نہیں، اگر ہم صرف منصوبے کو عمل میں لانے کا آغاز کریں، تو یہود مخالفت ہر جگہ فوراً رک

جائے گی۔ کیونکہ یہ امن معاہدہ ہے۔ جب یہودی انجمن بن جائے گی، تو یہ خبر ایک دن میں زمین کے دور دراز مقامات تک ہماری تاروں کی بجلی سے پہنچ جائے گی۔ اور فوری طور پر آسانی بھی شروع ہو جائے گی۔ متوسط طبقوں سے ہماری زیادہ پیدا شدہ درمیانی ذہانتیں بہتی ہیں، ہماری پہلی تنظیموں میں جا اترتی ہیں، ہمارے پہلے ٹیکنیشن، عہدیداران، پروفیسر، اہلکار، قانون دان، طبیب بنتی ہیں۔ اور معاملہ آگے بڑھتا ہے، عجلت سے لیکن بغیر ہلچل کے۔

صعوموں میں اس کام کی کامیابی کے لیے دعائیں مانگی جائیں گی۔ مگر گرجا گھروں میں بھی! یہ ایک پرانے دباؤ کا حل ہے. جس میں سب جکڑے ہوئے تھے۔

لیکن پہلے سروں میں روشنی ہونی چاہیے۔ خیال کو پرواز کر کے آخری دکھ بھرے گھونسلوں تک پہنچنا ہوگا جہاں ہمارے لوگ رہتے ہیں۔ وہ اپنے گندمے سوچ سے جاگیں گے۔ کیونکہ ہم سب کی زندگی میں ایک نیا مواد

آتا ہے۔ ہر ایک کو صرف اپنے بارے میں سوچنے کی ضرورت ہے، اور رجحان پہلے ہی زبردست ہو گا۔
اور کس شان کا انتظار ہے اس مقصد کے بے غرض جنگجوؤں کا! اس لیے میں یقین رکھتا ہوں کہ زمین سے یہودیوں کی ایک حیرت انگیز نسل ابھرے گی۔ مکابی پھر سے اٹھ کھڑے ہوں گے۔
ایک بار پھر ابتدائی بات دہرائی جائے: یہودی جو چاہتے ہیں، اپنی ریاست رکھیں گے۔
ہمیں آخر کار آزاد مردوں کی طرح اپنی زمین پر جینا چاہیے اور اپنے گھر میں پر سکون مرنا چاہیے۔
دنیا ہماری آزادی سے آزاد ہوگی، ہماری دولت سے مالامال ہوگی، اور ہماری عظمت سے بڑھ جائے گی۔
اور جو کچھ ہم وہاں صرف اپنی ترقی کے لیے آزماتے ہیں، وہ زبردست اور مسرت بخش طور پر تمام انسانوں کی بھلائی کی طرف پھیلتا ہے۔

ختم شد

ضیمہ جات

افسانہ: ترجمہ میں جہاں بھی افسانہ کا ذکر ہوا ہے اصل متن میں وہاں یوٹوپیا ہے مگر یوٹوپیا عام قاری کے لئے مناسب نہیں سمجھا۔

گھیٹو (Ghetto): اس کا اُردو میں متبادل نہیں ہے چنانچہ من و عن ترجمہ میں استعمال کیا گیا۔ "گھیٹو" ایک ایسا مخصوص علاقہ یا محلہ ہوتا ہے جہاں کسی مخصوص نسلی، مذہبی، یا سماجی گروہ کو زبردستی بسایا جاتا ہے اور انہیں باقی آبادی سے الگ کر دیا جاتا ہے۔ یہ لفظ اصل میں اٹلی کے شہر وینس (Venice) سے آیا ہے، جہاں ۹۶۷ھ میں پہلی بار یہودیوں کو ایک مخصوص علاقے میں محصور کیا گیا، جسے "Ghetto Nuovo" کہا جاتا تھا۔ رفتہ رفتہ یہ اصطلاح ان علاقوں کے لیے استعمال ہونے لگی جہاں یہودی یا دیگر اقلیتیں محدود، مظلوم یا محصور حالات میں رکھی جاتی تھیں۔ نازی جرمنی نے یورپ کے مختلف مقبوضہ علاقوں میں یہودیوں کے لیے گھیٹو بنائے۔ یہ گھیٹو عام طور پر دیواروں، خاردار تاروں یا چوکیداروں کے

پہرے سے بند ہوتے تھے۔ یہودیوں کو ان گھیٹوز سے نہ باہر جانے کی اجازت ہوتی تھی نہ ملازمت یا تعلیم کی آزادی۔ خوراک، ادویات، اور بنیادی ضروریات کی سخت قلت ہوتی تھی۔ بعد میں یہی گھیٹو نازی منصوبے کے مطابق قتل کیمپوں کی طرف عبوری مرحلہ بن گئے۔ یعنی لوگوں کو پہلے گھیٹو میں اکٹھا کیا جاتا، پھر وہاں سے کیمپوں میں بھیجا جاتا تھا۔

وارسا گھیٹو (WarsawGhetto) پولینڈ کا سب سے بڑا گھیٹو، جہاں تقریباً چار لاکھ یہودیوں کو بند کیا گیا۔

لودز گھیٹو (ŁódźGhetto) دوسرا بڑا گھیٹو، جسے جبری مشقت کے لیے استعمال کیا گیا۔

گھیٹو ایک ایسا قید نما علاقہ جہاں اقلیتوں کو ظلم اور کنٹرول کے تحت محدود رکھا جائے۔ یہ ایک سماجی و سیاسی قید خانہ ہوتا ہے ایک ایسا مقام جو آزادی کی نفی اور ظلم کی علامت ہوتا ہے۔

اوٹو فون بسمارک (OttovonBismarck)

جرمنی کا ایک عظیم سیاست دان، سفارت کار اور جرمن اتحاد کا معمار تھا۔ اس نے ۱۳ ویں صدی ہجری میں چھوٹی چھوٹی جرمن ریاستوں کو ملا کر ایک متحدہ جرمن سلطنت قائم کی، جس کا پہلا چانسلر (وزیرِ اعظم) وہ خود بنا۔ پیدائش ۲۰ ربیع الثانی ۱۲۳۰ ھ میں ہوئی اور وفات ۱۰ ربیع الاول ۱۳۱۶ ھ میں ہوئی۔

کارنامے

۱۔ "DerEiserneKanzler" (فولادی وزیرِ اعظم) کہلایا، کیونکہ اس کی سیاست طاقت، جنگ، اور لوہے کے بل پر تھی۔

۲۔ Preußen یعنی پرشیا (Prussia) کو جرمنی کا مرکزی ملک بنایا۔

۳۔ ۱۲۸۸ ھ میں فرانس کو شکست دے کر جرمن ایمپائر کا اعلان کیا۔

۴۔ کاتھولک چرچ اور سوشلسٹ تحریکوں کے خلاف سخت اقدامات کیے۔

۵۔ خارجہ حکمتِ عملی میں "Realpolitik" (عملیت پسند سیاست) کا بانی سمجھا جاتا ہے۔

کرنسی

تھیوڈور ہرٹزل کے دور یعنی تقریباً ۱۲۹۰ھ تا ۱۳۱۸ھ میں جرمنی میں کرنسی کا نظام کچھ یوں تھا:

۱۔ مرکزی کرنسی: Goldmark (گولڈمارک)

متحد جرمن ریاست (۱۲۸۸ھ کے بعد) نے ۳ ذي الحجۃ ۱۲۹۲ھ سے اپنی نئی کرنسی مارک (Mark) متعارف کروائی، جو سونا پر مبنی تھی۔

۱ مارک = ۱۰۰ پفینِگ (Pfennig)

ایک گولڈمارک میں تقریباً ۵ ماشہ خالص چاندی یا مساوی سونے کا وزن ہوتا تھا؛ اس کرنسی کو "Goldmark" کہا جاتا تھا۔

۲۔ قانونی اقدامات:

ReichCoinageAct: 4 رمضان ۱۲۸۸ھ کو پہلی کرنسی کی قانون سازی؛ جاریہ ۱۴ جمادي الاوّل ۱۲۹۰

ھ سے نافذ عمل ہوا۔
مارک کے نفاذ کے بعد (۱۲۹۳ھ) تک تمام علاقائی سکے، جیسے تھالر اور گلڈن، آہستہ آہستہ مسترد کر دیے گئے۔

کرنسی کی اقسام:

الف) سکے (Coins)

Basemetalcoins (دھاتی سکے):

،۱، ۲، ۵، ۱۰، ۲۰، ۲۵ Pfennig

ابتدائی طور پر تانبا یا کاپر نکل (cupro-nickel) سے، بعد میں آئرن یا زنک استعمال ہوئے (۱۳۳۳ھ تا ۱۳۴۰ھ)۔

چاندی کے سکے (Silvercoins):

مارک، ½-، ۱، ۲، ۳، ۵ مارک

ہر مارک تقریباً ۵ ماشہ خالص چاندی پر مبنی۔

سُنہری سکے (Goldcoins):

،۵، ۱۰ اور ۲۰ مارک کے سکے،

ہر ۲۰ مارک سکہ میں تقریبا ۸ ماشہ ۲ رتی سونا۔

ب) نوٹ (بینک نوٹس)

Reichsbank نے ۵، ۱۰، ۲۰ مارک کے بینک نوٹ جاری کیے۔

۳۔ اقتصادی استحکام

سُنہری میعار:

مارک کو سونے کے بنیادی معیار پر رکھا گیا، یعنی عوام کسی وقت اپنے نوٹ سونے میں تبدیل کر سکیں۔

۱۲۸۸ھ تا ۱۳۳۲ھ کے دوران اس سے مہنگائی تقریباً صفر فیصد رہی۔

۴۔ جنگِ عظیم اول کے بعد تبدیلیاں:

ابتدائی Goldmark (۱۲۹۸ تا ۱۳۳۲ھ): مستحکم اور سونے پر مبنی۔

۱۳۳۲ھ کے بعد: جنگ کے لیے اخراجات بڑھائے گئے سنہری میعار ترک؛ کرنسی "Papiermark" بن گئی۔

ہرٹزل کی وفات تک ۱۳۲۲ھ جرمنی سنہرے میعار پر

استوار Goldmark استعمال کرتا رہا، جو نہایت مستحکم کرنسی تھی۔

سُلطانِ معظم دام اقبالہ سے مُراد سلطان عبد الحمید ثانی خان عثمانی ہیں مدت خلافت ۱۲۹۳ھ تا ۱۳۲۷ھ ہے۔

ہرٹزل نے ۱۳۱۳ھ میں یہ کتاب لکھی اور عبد الحمید ثانی خان عثمانی رحمۃ اللہ علیہ سے فلسطین میں یہودی آباد کاری کی اجازت بھی مانگی تھی جو آپؒ نے مسترد فرمائی۔

جرمن سلطنت (۱۲۸۸ھ تا ۱۳۳۲ھ)

کل رقبہ: تقریباً ۵۴۰۸۵۴ مربع کلومیٹر مساوی ۲۰۸۸۲۵ مربع میل۔ یعنی ۱۳ ویں صدی ہجری کے اختتام تک جرمن ریاست کا جغرافیائی دائرہ اس حد تک پھیلا ہوا تھا۔

پرشیا سلطنت کے اندر کل رقبے کا تقریباً ۳/۵ حصہ (تقریباً ۳۵۴۴۹۰ کلومیٹر مربع) پر محیط تھا.

جرمن نوآبادیات (افریقہ و پیسفک) اس میں شامل نہیں تھیں یہ صرف یورپی رقبہ ہے۔

تھیوڈور ہرٹزل کی کتاب Der Judenstaat یہودی ریاست

۱۳۱۳ ھ شائع کر رہے تھے، اُس وقت جرمنی ایک مضبوط اور وسیع یورپی سلطنت تھا، جس کا رقبہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مربع میل کے قریب تھا۔

یہ ایک الجھا ہوا سا ضمیمہ میں نے لکھ دیا ہے میرا موبائل جس پر میں کام کررہا تھا خراب ہوگیا اور ڈر تھا کہ اس ضمیمہ کو نکھارتا تو سارا کام ضائع ہوجاتا اگر وقت مل گیا تو اس کو مرتب کردوں گا ورنہ قاری پر چھوڑتا ہوں کہ اس کو خود ترتیب وار سمجھ لے۔ شکریہ

سہیل طاہر
سیالکوٹ